پریم ساگر

جسکو سری للوجی لال کب برہمن گجراتی سہسر ادیچ آگرہ والی نے

سری مت بھاگوت دسم اسکند

کا دہلی آگرہ کی کھڑی بولی اور برج بھاکھا شامل کر ترجمہ کیا تھا اب وسکو سب اہالیان ممالک

منشی نول کشور صاحب

واسطے فارسی پڑھے ہوی جگت جنوں کی صحت لفظی و تلفظ صحیحہ و بعض جا حل لغات کے لیے

لالہ سوامی دیال صاحب نے اصل کے موافق ترجمہ کیا

اور مکرر بہ صحت نظر ثانی منشی شیو پرشاد صاحب منیجر مطبع نے اہتمام کیا

بار چہارم سنہ ۱۸۸۰ع

اہالی مطبع منشی نولکشور کی جہد بلیغ سے کمال تزئین مطبوع و تحسین آفرین ہوا

فہرست پریم ساگر



پریم ساگر

دوہا

بگھن بدارن برد بر برن بدن بکاس
بر دے بہو بادھے بسد بانی بدھ بلاس
جوگل چرن جو جوت جگت جیت جیون ان تجہ
جگ ماتا سرستی سمر کت اوکت دے موہ

ایک سمے بیاس دیو کرت سری بھاگوت کے دسم اسکند کی کتھا کو چترتھج مصر نے دوہے چوپائی مین برج بھاکھا کیا ہو
پانچ ادھیاے تھا لاکر یہ پانچون کے لیے سین مہاراج ادھراج سکل گن ندھان پن وان مہاجان مارکوئس ولزلی گورنر جنرل پرتاپی کے
راج مین ہو و یا اس کے پنڈت سندرت کیے تک جو کٹھن ہے اسے بچا کے کا یہ بتیا سکل بس کنچے چت چاہی دوان دو تیمون چکر مین چترکرن
کے جیت ہے آوت یا وت لال مین ہر باطنی ہوایت اور سری جت گن گاہک گین سکھدایک جان گلکرست صاحب کی آگیا سے
سمنت ۱۸۶۰ مین سری للوجی لال کب براہمن گجراتی سہستر اودیچ آگرے والے نے اس کا سار لے جامنی بھاکھا چھوڑ دلی آگرے کی
کھڑی بولی مین کہہ نام پریم ساگر دھرا پر سری جت جان گلکرست صاحب کے جانے سے بنا چھپا ادھورا پڑا تھا

اب سری مہاراجہ ادہیراج کریان بان جسونت سنگھ بہادر جی سی ایس آئی ولی ریاست پٹیالہ بانگ دہن دیلی وہ سری گنن لچھمن کرپاندھان سہاگوان کتیان جان الیمپلیٹر پرتاپی کی آگیا سے اور سری جت پرم سجان دیا ساگر پرادہیکاری ڈاکٹر ولیم سمتھ کلکٹری کی سہائتا سے اور سری جت سیٹ پرمن لٹس ایراسام لاکٹ رنی وت کے کہنے سے اوسی کب سمت ۹۶ این یورا کریا پڑھنے والا کی بہاتر یولیکے پڑھنے کو چھپوایا۔

اتھہ کتھا آرمبھہ

مہابھارت کے انت مین جب سری کرشن انتردھیان ہوئے تب پانڈو تو مہا دوکھی ہو ہستنا پور کا راج پریچھت کو دیکر ہمالے گلنے گئے اور راجہ پریچھت سب پرجا سہت دھرم راج کرنے لگے کچھہ دن پیچھے ایکدن راجہ پریچھت آکھیٹ کو گئے تو وہان دیکھا کہ ایک گاے اور بیل دوڑے چلے آتے ہین انکے پیچھے موسل ہاتھہ مین لیے ایک سودر مارتا چلا آتا ہے جب وے پاس پہنچے تب راجہ نے بیل سے دکھہ پائے جھنجھلا کے کہا ارے تو کون ہے اپنا لکھان کر جو مارتا ہے گاے او بیل کو جان کر کیا ارجن کو تو نے دور گیا جانا اس سے اوسکا دھرم نہین پہچانا سن پانڈو کے کل مین ایسا کسیکو نہ پاویگا کہ جسکے سامنے کوئی دین کو ستاویگا اتنا کہہ راجہ نے کھڑگ ہاتھہ مین لیا وہ دیکھہ ڈر کر کھڑا ہوا پھر راجہ نے گاے او بیل کو بھی نکٹ بلا کر پوچھا کہ تم کون ہو مجھے سمجھا کر کہو دیوتا ہو کہ براہمن اور کسلیے بھاگے جاتے ہو یہ نڈر ہو کہو میرے رہتے کسیکی اتنی سامرتھہ نہیں جو تمھین دکھہ دے اتنی بات جب سنی تب تو بیل سر جھکا بولا مہاراج یہ پاپ روپ کالے برن ڈراونی صورت جو آپکے سامنے کھڑا ہے سو کلجگ ہے اسیکے ڈر سے مین بھاگا جاتا ہون یہ گاے سروپ پرتھی ہے سو بھی اسیکے ڈر سے بھاگ چلی ہے اور میرا نام ہے دھرم چار پانون رکھتا ہون تپ ست دیا اور شوچ ست جگ مین میرے بیس بسوے تھے تریتا مین سولہ دوآپر مین بارہ اب کلجگ مین چار بسوے رہے اسلیے کل کے بیچ میں چل نہین سکتا دھرتی بولی دھرماوتار مجھہ سے بھی اس جگ مین رہا نہین جاتا کیونکہ سودر راجہ ہوکر ادھرما دھرم محصہ پر کرینگے تنکا بوجھہ مین نہ سہہ سکونگی اس بھے سے مین بھی بھاگتی ہون یہ سنتے ہی راجہ نے کرودھہ کر کلجگ سے کہا کہ مین تجھے ابھی مارتا ہون وہ تھرتھرا راجہ کے چرنوں پر گر گڑگڑا کر کہنے لگا کہ پرتھی ناتھہ اب تو مین تمھارے سرن آیا مجھے کہین رہنے کو ٹھور بتائیے کیونکہ تین کال اور چار جگ جو برہما نے بنائے ہین سو کسی بھانت میٹے نہ مٹین گے اتنا بچن سنتے ہی راجہ پریچھت نے کلجگ سے کہا کہ تم اتنے ٹھور رہو جوا جھوٹھہ مد کی ہاٹ بیسیا کے گھر ہتیا چوری اور سونا ان مین یہ سن کلجگ نے تو اپنے استھان کو پرستھان کیا اور راجہ نے دھرم کو من مین رکھہ لیا پرتھی اپنے روپ مین مل گئی راجہ پھر نگر مین آئے اور دھرم راج کرنے لگے

راجہ پریکچھت کا شکار کو جانا اور ملنا کلجگ منش جاتی میں اور بیل روپی دھرم اور گاے روپی زمین کو دکھ دیتے ہوئے



کچھ دن پیچھے راجہ پریکچھت ایک سمے اکھیٹ کو گئے اور کھیلتے کھیلتے پیاسے بھئے سر کے مکٹ مین تو کلجگ رہتا ہی تھا اپنا سمے پا کر راجہ کو اگیان کیا راجہ پیاس کے مارے وہاں آئے جہاں لومس رکھ آنکھ موندے ہری کا دھیان لگا کر تپ کر رہے تھے انھیں دیکھ پریکچھت من میں کہنے لگا کہ یہ اپنے تپ کے گھمنڈ میں مجھے دیکھ آنکھ موند رہا ہے ایسی کومت ٹھان ایک مرا سانپ جو وہاں پڑا تھا اسے دھنک سے اٹھا کر رکھ کے گلے میں ڈال اپنے گھر آیا مکٹ اوتارتے ہی راجہ کو گیان ہوا تو سوچ کر کہنے لگا کہ کنچن میں کلجگ کا باس ہے یہ میرے سر پر تھا اسی سے میری ایسی کومت ہوئی جو مرا سانپ رکھ کے گلے میں ڈال دیا سو میں اب سمجھا کہ کلجگ نے مجھ سے بدلا لیا اس پاپ سے میں کیسے چھوٹونگا بہتر تو دھن جن استری اور راج میرا کیوں نہ گیا سب آج نہ جانوں کس جنم میں یہ ادھرم جائیگا جو برہمن کو ستایا ہے۔

راجہ پریچھت کا اکھیٹ کو جانا اور لومس رکھی کا ملنا اور انکے گلے مین مرا سانپ ڈالنا



راجہ پریچھت تو یہان اس انتہا سوچ ساگر مین ڈوب رہی تھے اور جہان لومس رکھی تھے وہان کئی لڑکے کھیلتے ہوئے جا نکلے مرا سانپ اونکے گلے مین دیکھ اچنبھے رہے اور گھبرا کر آپس مین کہنے لگے کہ بھائی کوئی اونکے تیر سے جا کے کہدے جو آپس مین کوشکی ندی کے تیر رکھون کے بالکون مین کھیلتا ہے ایک سنتی ہی دوڑا دوڑا وہان گیا جہان سرنگی رکھ لڑکون کے ساتھ کھیلتا تھا کہا بھائی تم یہان کھیلتے ہو وہان تمھارے پتا کے گلے مین کالا ناگ مرا ہوا کوئی دشٹ ڈال گیا ہے سنتے ہی سرنگی رکھ کے نین لال ہو گئے دانت پیس پیس کر تھر تھر کانپنے لگا اور کرودھ کر کہنے لگا کہ کلجگ مین راجہ ویسے ہین ابھمانی دھن کے مد سے اندھے ہوگئے ہین دکھدائی اب ہین اوسکو ڈھونڈ شاپ ہی بیچ پاویگا آپ ایسے کہہ سرنگی رکھ نے کوشکی ندی کا جل چلو مین لیکر راجہ پریچھت کو شاپ دیا کہ یہی سرپ ساتوین دن تجھے ڈسیگا —

اس بھانت راجہ کو شاپ دیکے اپنے باپ کے پاس آ گلے سے سانپ نکالا اور کہنے لگا کہ ہے پتا تم اپنی دیہہ سنبھالو مین نے اوسے شاپ دیا ہے جسنے آپکے گلے مین مرا سانپ ڈالا تھا یہ بچن سنتے ہی لومس رکھی نے چیتن ہو کر نین اوگھار اپنے گیان دھیان سے بچار کر کہا ارے تیرے کیا کیا کیون شاپ راجہ کو دیا اوسکے راج مین تھے ہم سکھی کوئی لیش دکھ بھی نہ تھا و کبھی ایسا دھرم راج تھا کہ جسمین سنگھ گائے ایک ساتھ رہتے تھے اور آپس مین کچھ نہ کہتے اے پتر جسکے دیس مین ہم بستے کیا ہوا اونکی ہنسی سے مرا ہوا سانپ ڈالا تھا اوسے شاپ کیون دیا تنک دوش پر ایسا شاپ کیون

کہا اڑا ہی پاپ کچھ بچار بین من نہین کیا گن چھوڑا اوگن ہی لیا سادھو کو چاہیے تیل سو بھاوسے رہے آپ کچھ نہ کہے
اورکی من لے سبکا گن لے لے اوگن تج دے

سرنگی رکھ کا بحالت غصہ کوشکی ندی کے کنارے جل ہاتھ مین لیکر راجہ پریچھت کو سراپ دینا



اتنا کہہ لومس رکھ نے ایک چیلے کو بلا کے کہا تم جا کے راجہ پریچھت کو جتاؤ کہ تم کو سرنگی رکھ نے سراپ دیا ہے بھلا لوگ
تو دو وکھ دیتین گے پر وہ جس ساودھان تو ہو اتنا بچن گرو کا مان چیلا چلا چلا وہان آیا جہان راجہ بیٹھا سوچ کر رہا تھا آ کے
کہا کہ مہاراج تجھے سرنگی رکھ نے سراپ دیا ہے کہ ساتوین دن تجھے تچھک ڈسیگا اب تم اپنا سوچ کرو جس سے کرم کی پھانسی
سے چھوٹو سنتے ہی راجہ پر سنتا سی کھڑا ہو ہاتھ جوڑ کہنے لگا کہ مجھ پر رکھ نے بڑی کرپا کی جو سراپ دیا کیونکہ مین مایا موہ
کے اپار سوچ ساگر مین پڑا تھا سو نکال باہر کیا جب منی کا سکھ بدا ہوا تب راجہ نے تیاگ تو بیراگ لیا اور جنمیجی کو بلا کے
راج پاٹ دیکر کہا بیٹا گو براہمن کی رچھا کیجیو اور پرجا کو سکھ دیجو اتنا کہہ آئے رنواس دیکھی رانی بھی اداس
راجہ کو دیکھتے ہی رانیان پیرون پڑ گر رو رو کہنے لگین مہاراج تمہارا بجوگ ہم ابلا نہ سہ سکین گی اس سے
تمہارے ساتھ جی دیتین تو بھلا ہے بولا استری کو اوچت ہے کہ جس مین پت کا دھرم رہے سو کرے تم کو تم
کام مین بادھا نہ ڈالے

راجہ پریچھت کے دربار میں شکدیو منی کے جانیکا واسطے اطلاع حال سراپ شرنگی رکھی کا آنا اور حال کہنا



اتنا کہہ منی من کو سم اور راج کی مایا تجکر نرموہی ہوا اپنا جوگ سادھنے کو گنگا کے تیر جا بیٹھا اسکو جسنے سنا وہ ہائے ہائے کر
پچھتائے پچھتائے تن لوئے نرداور یہ سماچار جب شونک رشی نے سنا کہ راجہ پریچھت سرنگی رکھکے شاپ ہو مرنیکو گنگا تیر پر بیٹھا ہے
سب بیاس بست بچار وراج کا تیاگ پر اپسر بار دکیسو آتیر بیدیو بھاگن آدا ٹھاسی ہزار رکھی آئے اور اسن بچھا بچھا پانت
پانت بیٹھ گئے اپنے اپنے شاستر بچار بچار انیک انیک دھرم راجہ کو سنانے لگے کہ اتنے میں راجہ کی سردھا دیکھ پوتھی
بغل میں لیے دگمبر بھیکھ شری شکدیو جی بھی آن پہونچے انکے دیکھتے ہی جتنے منی تھے سب کے سب اٹھ کھڑے ہوئے
اور راجہ پریچھت بھی ہاتھ باندھ کھڑا ہو بنتی کر کہنے لگا کہ مہاراج مجھ پر بڑی دیا کی جو اس سمے میری آپنے سُدھ
لی جب اتنی بات کہی تب شکدیو منی بھی بیٹھے تو راجہ رکھوں سے کہنے لگے کہ مہاراج شکدیو جی تو بیاس جی کے بیٹے اور
پراشر جی کے پوتے انکو دیکھ تم بڑے بڑے منیش ہوکر اٹھے سو تو اوچت نہیں اسکا کارن کہو جو میرے من کا سندیہہ
جائے تب پراشر منی بولے کہ سنو راجہ جتنے ہم بڑے بڑے رکھی ہیں سب گیان میں شک سے چھوٹے ہیں اسلیے سب نے شک کا
آدر مان کیا کس لیے اس آس پر کہ تارن ترن ہیں کیونکر جیسے جنم لیا ہے تب ہی سے اوداسی ہو بن باس کرتے ہیں اور راجہ
تیرا بھی کوئی بڑا پن اودے ہوا جو شکدیو جی آئے یہ سب دھرموں سے اوتم دھرم کہینگے جس سے تو جنم مرن سے چھوٹ بھو ساگر
پار ہوگا یہ بچن سن راجہ پریچھت نے سری شکدیو جی کو ڈنڈوت کر کہا کہ مہاراج مجھے دھرم سمجھا کے کہیے کس ریت سے کرم کے

پھندے سے چھوٹوں گا سات دن میں کیا کرونگا دھرم ہے ایا کیسے بھوساگر ہونگا پار ـ
سری سکدیو جی بولے کہ راجہ تو تھوڑے دن مت سمجھ مکت تو ہوتی ہے ایک ہی گھڑی کے دھیان میں جیسے کھٹوانگ راجہ کو
نارد سے گیان بتایا تھا اور اونے دو ہی گھڑی میں مکت پائی تھی تمہیں تو سات دن بہت ہیں جو ایکاچت ہو کر
دھیان تو سب سمجھ گئے ایسے ہی گیان سے کہ کیا ہے دیہہ کسکا ہے ماس کون کرتا ہے اسمیں پرکاس ہے سن راجہ نے ہر کھ
کے پوچھا کہ مہاراج سب دھرموں سے اوتم کون دھرم ہے سو کرپا کر کہو تب سکدیو جی بولے کہ راجہ سب دھرموں میں جیسے
بیشنو دھرم بڑا ہے تیسے پرانوں میں سری مدبھاگوت جہاں ہر بھگت یہ کتھا سنائے ہیں تہاں سب تیرتھ اور دھرم آتے
ہیں جتنے ہیں پران کوئی نہیں ہے بھاگوت کے سمان اِس کارن میں تجھے بارہ اسکند مہا پران سناتا ہوں جو بیاس مُنی
بے مجھے پڑھایا ہے تو سردھا سمیت آنند سے چیت دے سن تب تو راجہ پریکھت سپریم سنتے اور سکدیو جی نیم سے
سنانے لگے ـ

پہونچنا راجہ پریکھت کا گنگا کے کنارے راج تیاگ کے اور آنا سکدیو جی کا اور سُنانا بھاگوت کا



ادھیائے پہلا پرتھما بدھ جن

تو اس گنگ کتھا جب مُنی نے سنائی تب راجہ نے کہا دین دیال اب دیا کر سری کرشن اوتار کی کتھا کہیے کیونکہ ہمارے

سماکیہ۔ اور کل پوت دئی ہین تب ریوجی بولے کہ مہاراج مجھے سنہ اسکے دیا یہ پرسنگ پوچھا سو مین پرشن ہو
کرتا ہون مدھ کل ہین بیٹے سیمی تھے مہاراج سے شکے پتر تھو پر ہو کے مد ور اونکے سنہ مین چھتو ان نے لوک مندر جیسے کے
جسبل پایا اونکی استری کا نام رہنیا اوسکے دس لڑکے، پانچ لڑکیان تین بیٹا پیچے پتر بسدیوجی کی استری کی آٹھوین گربھ مین
سری کرشن چندر نے جنم لیا اور بسدیو ہوئے تب دیوتاؤن نے سرلوک مین آنند بادھن بجائے تھے اور بسدیو کی
پانچ تیریون مین سب سے بڑی کنتی تھی جو پانڈو کو بیاہی تھی جسکی کتھا مہابھارت مین گائی ہے اور اب پوچھی پہلے تو
کی بیٹی روہنی کو بیاہ ملا دوسری سب تمہارے رشت رانی ہوئیں تب متھرا مین کنس کی بہن دیوکی کو بیاہا تھا آن آکاش بانی ہوئی کہ اس
لڑکی کے آٹھوین گربھ مین کنس کا کال جو پچا کا پیشن کنس نے بہن بہنوئی کو ایک گھر مین موند دیا اور سری کرشن نے وہان
ہی جنم لیا اتنی کتھا سنتے ہی راجہ پریچھت بولے کہ مہاراج کیسے جنم کنس نے لیا کسنے اوسے مہا بیر دیا اور کون ریت سے
کرشن اوپجائے پھر کس بدھ سے گوکل پہونچے جا، یہ تم مجھے سمجھا کے سری شکدیوجی بولے متھرا پوری کا ایک
نام راجہ تسکے دو بیٹے ایک کا نام دیوک دوسرا اوگرسین کچھ دن پیچھے اوگرسین ہی وہان کا راجہ ہوا جسکی ایک ہی رانی
اوسکا نام پون ریکھا سو ات سندری اور پتی برتا تھی آٹھو پہر سوامی کی آگیا مین رہتی ایک دن کپڑون سے ہی کی توپت کی آگیا
لے سکھی سہیلیون کے ساتھ رتھ مین چڑھ بن مین کھیلنے کو گئی وہان گھنے گھنے برچھون مین بھانت بھانت کے پھول پھولے
ہوئے سگندھ مہکی مندر، بھنور گونج رہی ٹھنڈی ہوا ہی بہہ رہی کوکل کپوت کیر مور بیٹھی ہن بھانت بھانت کی بولیان بول رہی
اوسکا پربت کے نیچے جمنا نیاری ہی لہرین لے رہی تھی کہ رانی اس سمے کو دیکھ رتھ سے اوتر کر چلی اچانک ایک اوجول
کے جاکلی وہان قدر مالک نام راکھس بھی سنجوگ سے آپہونچا وہ اسکے جوبن اور روپ کی چھب کو دیکھ چھل سے اور من مین
کہنے لگا کہ اس سے سنجوگ کیا چاہیے یہ ٹھان تورنت راجہ اوگرسین کا سروپ بن رانی کے سامنے جا بولا تو مجھ سے مل رانی بولی
کہ مہاراج دنکو کام کیل کرنا جوگ نہیں کیونکہ اسمین پاپ ادھرم ہوتا ہے کیا تم نہیں جانتے جو ایسی بات بچاری ہے تب
یہ بن ریکھا سے بس بھانت کہا تب تو قدر مالک نے رانی کو ہاتھ پکڑ کے کھینچ لیا اور جو من مانا سو کیا اپنا چھل سے بھوگ
کرکے جیسا تھا ویسا ہی بن گیا تب تو رانی ات دکھ پا پچھتا کے بولی ارے ادھرمی پاپی چانڈال تونے کیا
ادھرم کیا جو میرا ست کھو دیا دھرکار ہے تیرے ماتا پتا اور گرو کو جنہنے تجھے ایسی بدھ دی تجھسا پوت جننے سے تیری ماں بانجھ
کیوں نہ ہوئی ارے دشٹ جو نر کی دیہہ پا کر کسی کا ست بھنگ کرتے ہین سو جنم جنم نرک مین پڑتے ہین قدر مالک بولا رانی
تو شاپ مت دے تجھے مین نے اپنے دھرم کا پھل دیا ہے تیری کوکھ بند دیکھ من مین بڑی چنتا تھی سو آج سے گئی ہوئی
گربھ کی آس لڑکا ہوگا دسوین مہینے میرے دیہہ کے سو بھاو سے تیرا لڑکا نو کھنڈ پرتھی کو جیت راج کریگا اور

سری کرشن سے لڑیگا میرا نام پرتھم کال نیم تھا تب بشن سے جدہ کیا تھا اب جنم لے آیا تو درملک نام کہا یا تجکو تیرے
دے جیلا تو اپنے من مین کسی بات کی چنتا مت کرو اتنی بات کہہ کے کال نیم چلا گیا تب رانی کو بھی کچھ سوچ سمجھ کر دھرج
بھیا دو ہا سیج پر ہوتنتا تسی او جیسے بدھ ہو سہار ہر دسے بسیر جا سب سدھ ہو اتنے مین سب سکھی سہیلی
آن ملین رانی کا سنگار بگڑا دیکھ ایک سہیلی بول اوٹھی کہ اتنی بیر تمھین کہان لگی او یہ کیا گت ہوئی یون ریکھاتے
کہا کہ سنو سہیلی تم نے اس بن مین تجی اکیلی ایک بندر آیا اوسنے مجھے اودھک ستایا تسکے ڈر سے مین اب تک تھر تھر
کانپتی ہون یہ بات سنکر تو سکی سب گھر مین اور رانی کو جھٹ رتھ پر چڑھا گھر لا ئین جب دس مہینے پورے
ہوچکے تب پورے دنون لڑکا ہوا تس سمے ایک بڑی اندھی چلی کہ جیسکے مارے لگی مرتی ڈولنے اندھیرا ایسا
ہوا جیو دن کی رات ہو گئی اور لگے تارے ٹوٹ ٹوٹ گرنے بادل گرجنے اور بجلی کڑکنے ایسے ماگھ سدی تیرس برسپت بار
کو کنس نے جنم لیا تب راجا اوگرسین نے پرشن ہو سارے نگر کے سنگلا مکھیون کو بلا منگلا چار کروا سے
اور سارے برہمنون پنڈتون جوتشیون کو بھی آت مان سنمان سے بلوا بھیجا وے آئے راجہ نے تری آکھ کت سے
آسن دے دے بٹھا گئے تب جوتشیون نے لگن سادھ مہورت بچار کر کہا یہ تھی ناتھ یہ لڑکا کنس نام تمھارے
بنس مین اوپجا سو آت بلونت ہوا چھسون کو ساتھ لے راج کریگا اور دیوتا اور ہر بھگتون کو دکھ دے
آپ کا راج لے نداں ہر کے ہاتھ مرے گا۔
اتنی کتھا کہہ شکدیو نے راجہ پرکچھیت سے کہا کہ راجہ اب مین اوگرسین کے بھائی دیوک کی کتھا کہتا ہون کہ اوسکے
چار بیٹے تھے اور چھ بیٹیان سو چھون بسدیو کو بیاہ دین ساتوین دیوکی ہوئی جسکے ہونے سے دیوتاؤنکو چنتا
ہوئی اور اوگرسین کے بھی دس لڑکے تھے سب مین کنس ہی بڑا تھا جب سے جنا تب سے یہ اوپادھ کرنے لگا کہ نگر مین جا جو
چھوٹے چھوٹے لڑکون کو پکڑ لاوے اور پہاڑ کی کھوہ مین موند موند مار ڈالے جو بڑے ہوئین تنکی چھاتی پر چڑھ گلا
گھونٹ جی نکالے اس دکھ سے کوئی کہیں نہ نکلنے پاوے سب کوئی اپنے لڑکونکو چھپاوے پرجا کہے کہ یہ دشٹ کنس
اوگرسین کا نہین ہے کوئی مہاپاپی جنم لے آیا ہے جسنے سارے نگر کو ستایا ہے یہ بات سن اوگرسین نے اوسے بلا کر
بہت سمجھایا پر اسکا کہنا اوسکے من مین کچھ بھی نہ آیا تب دکھ پا کے پچھتا کے کہنے لگا کہ ایسے پوت ہونے سے مین
اپوت ہی کیون نہ ہوا۔
کہتے ہین جب سے کپوت گھر مین آتا ہے تس سے جس اور دھرم جاتا ہے جب کنس آٹھ برس کا ہوا تب مگدھ دیس پر چڑھ گیا
وہان کا راجہ جراسندھ تھا سو اوس سے مل اسنے یدھ کیا تو اوسنے کنس کا بل دیکھ لیا تب ہار مان اپنی

وہ بیٹیان بیاہ وہین یہ لے متھرا مین آیا اور اوگرسین سے بیر بڑھایا ایکدن کوپ کر اپنے پتا سے بولا کہ تم رام نام
کہنا چھوڑ دو اور مہادیو کا جاپ کرو اوسنے کہا میرے تو کرتا دکھہ ہرتا وہی ہین جو اونہین کو نہ بھجونگا تو ادھرمی ہو
کیسے بھو ساگر پار ہونگا یہ سن کنس رسایا اور باپکو پکڑ کر سارا راج لے لیا اور نگر مین یہ ڈھونڈھی پھیر دی کہ کوئی
جپ تپ دان دھرم تپ اور رام نام آسمرن کرنے نپاوے ایسا ادھرم بڑھا کہ گو براہمن ہر کے بھگت دکھہ پانے لگے
اور دھرتی آت بوجھون مرنے لگی جب کنس سب راجونکا راج لے چکا تب ایکدن اپنا دل لے راجہ اندر پر چڑھ چلا
تبہان منتری نے کہا کہ مہاراج اندراسن بن تپ کیے نہین ملتا آپ بل کا گرب نہ کریے دیکھو گرب نے راون کمبھکرن
کو کیسا کھو دیا جنکے کل مین ایک بھی نہ رہا۔

اتنی کتھا کہہ شکدیو جی راجہ پریچھت سے کہنے لگے کہ راجہ جب پرتھی پر آت ادھرم ہونے لگا تب پرتھی دکھہ پای
گھبرای گای کا روپ بن ہونکرتی دیولوک کو گئی اور اندر کی سبھا مین جای سر جھکا اپنی سب پیر کہی کہ مہاراج سسار مین
اسر آت پاپ کرنے لگے تنکی ڈر سو دھرم تو اوٹھہ گیا اب مجھے آگیا ہوی تو نرلوک چھوڑ رساتل کو جاؤن تب اندر سب دیوتاونکو
ساتھہ لے برہما کے پاس گئے برہما سبکو مہادیو کے نکٹ لیگئے مہادیو بھی سن سبکو ساتھہ لے وہان گئی جہان چھیر سمدر
مین نارائن سو رہے تھے اونکو سوتے جانکر برہما رودر اندر سب دیوتا ونکو ساتھہ لے کھڑے ہو ہاتھہ جوڑ بنتی کر دیوا ستت
کرنے لگے مہاراج او مہاراج آپکی مہمان کون کہہ سکے متسں روپ ہو بید ڈوبتے نکالے کچھ روپ بن گر پیٹھہ پر
دھارن کیا باراہ بن پرتھوی کو دانت پر رکھہ لیا باون ہو کے راجہ بل کو چھلا پرسرام اوتار ہو چھتریونکو مار پرتھی
کشیپ منی کو دی رام اوتار لیا تب مہا دشٹ راون کو بدہ کیا اور جب جب تمھارے بھکتونکو دیت دکھہ دیتے ہین
تب تب آپ اونکی رچھا کرتے ہین ناتھہ اب کنس کے ستانے سے پرتھی آت بیاکل ہو پکار کرتی ہی اوسکی بپتا سدھہ
لیجیے اسرونکو مار سادھونکو سکھہ دیجیے ایسے ستت گاتے دیوتاؤن نے کہا تب اکاس بانی ہوئی سو برہما دیوتاونکو
سمجھانے لگے کہ یہہ بانی ہے سو تمہین آگیا دی ہی کہ تم سب دیبی دیوتا برج منڈل جای متھرا نگری مین جنم لیجیے چار
سروپ دھر ہر بھی اوتار لینگے بسدیو کے گھر دیوکی کی کوکھہ مین اور بال لیلا کر نند جسودا کو سکھہ دینگے اسی ریت سے
برہما نے جب سمجھا کے کہا تب تو سر منی گندھرب اپسرا سب اپنی اپنی استریون سمیت جنم لے لے برج منڈل مین
آئے جدبنسی اور گوپ کہائے اور چاروں بید کی رچایین تھین سو برہما سی کہنے گئین کہ ہم بھی گوپی ہو برج مین اوتار لے
باسدیو کی سیوا کرین اتنا کہہ وے بھی برج مین آئین اور گوپی کہلائین جب دیوتا متھراپوری مین آچکے تب چھیر سمدر
مین ہر بچار کرنے لگے کہ پہلے لچھمن ہوین بلرام جیٹھے ہو باسدیو میرا نام بھرت پردمن شترگھن انرودھ اور سیتا رکمنی کا اوتار لے

دوسرا ادھیای دیوکی بیواہ اور بالک بدھ کی برنن ہین

اتنی کتھا سنائے سری شکدیو جی نے راجہ پریکھت سے کہا کہ پھر مہاراج کنس تو اس انیت سے متھرا مین راج کرنے لگا اور اوگرسین
دکھ بھرنے دیوک جو کنس کا چاچا تھا اوسکی کنیا دیوکی جب بیاہن جوگ ہوئی تب اونے جا کنس سے کہا کہ یہ لڑکی کسکو
دین وہ بولا کہ سورسین کے پتر بسدیو کو دیجیے اتنی بات سنتے ہی دیوک نے ایک برہمن کو بلائے شبھ لگن ٹھہرائے سورسین کے
گھر ٹیکا بھیجدیا تب تو سورسین بھی بڑی دھوم دھام سے برات بنائے سب دیس دیس کے نریس ساتھ لے متھرا مین بسدیو کو بیاہن آئے
برات نگر کے نکٹ آئی سن اوگرسین دیوک اور کنس اپنا دل ساتھ لے آگے بڑھ آ نگر مین لیگئے آت ادر مان سے اگوانی کر جنواسا
دیا کھلائے پلائے سب براتیون کو منڈھے نیچے لیجا بٹھایا اور بید کی بدھ سے کنس نے بسدیو کو کنیا دان دیا تسکے دہیج
مین [illegible] گھوڑے [illegible] ہاتھی [illegible] رتھ داس داسی انیک دے کنچن کے تھال بستر آبھوکھن رتن جٹت [illegible]
دیئے اور سب براتیون کو بھی النکار سمیت پہرائے سب مل پہچاون چلے تہان آکاس بانی ہوئی کہ ارے کنس جسے
تو پہونچانے چلا ہے تسکا آٹھوان لڑکا تیرا کال اوپجیگا اوسکے ہاتھ تیری میچ ہے یہ سنتے ہی کنس ڈر کر کانپ اٹھا اور
کرودھ کر دیوکی کو جھونٹے پکڑ رتھ سے نیچے کھینچ لایا کھڑگ ہاتھ مین لے دانت پیس پیس کرنے لگا کہ جس پیڑ کو جڑھی سے
اوکھاڑیے تسمین پھول پھل کاہے کو لگیگا اب اسکو مارون تو نربھے راج کرون یہ دیکھ سن بسدیو من مین
کہنے لگے کہ اس مورکھ نے دیا سنتاپ جانتا نہین ہے پن اور پاپ جو مین اب کرودھ کرتا ہون تو کاج بگڑیگا تس سے
اس سمے چھما کرنی ہی جوگ ہے کہا ہے چوپائی جو بیری کھینچے تروار * کرے سادھ تسکی منوہار * سمجھ مورکھ سوئی
پچھتاوے * جیسے پانی آگ بجھاوے *

یہ سوچ سمجھ بسدیو کنس کے سنمکھ جا ہاتھ جوڑ بنتی کر کہنے لگے کہ سنو پرتھوی ناتھ تمسا بلی سنسار مین کوئی نہین اور سب
تمھاری چھانہ تلے بستے ہین ایسے سور ہو استری پر شستر کرنا ات انچت ہے اور بہن کے مارنے سے مہا پاپ ہوتا ہے
تس پر بھی منشیہ ادھرم تو کرے جو جانے کہ مین کبھی نہ مرونگا اس سنسار کی تو یہی ریت ہے ادھر جنما ادھر مرا
کروڑ جتن سے پاپ پن کر کوئی اس دیہ کو پالے پر یہ کبھی اپنی نہوگی اور دھن جوبن راج بھی نہ آویگا کاج
اس سے میرا کہا مان لیجے اور اپنی ابلا آدھین بہن کو چھوڑ دیجیے اتنا سن وہ اپنا کال جان گھبرا کر اور بھی جھنجھلایا
تب بسدیو سوچنے لگے کہ یہ پاپی تو اسر بدھ کیے اپنی ہٹھ کی ٹیک پر ہے جس سے اسکے ہاتھ سے یہ بچے سو اوپائے کیا چاہیے ایسی
بچار من مین کہنے لگے اب تو اس سے یون کہہ دیوکی کو بچاؤن کہ جو پتر میرے ہوگا سو تمھے دونگا پیچھے کسنے دیکھا ہے
سنو کہ یہی وچن مرے یہ اوسر تو ٹلے پیچھے سمجھی جائیگی اس بھانت من مین ٹھان بسدیو نے کنس سے کہا کہ مہاراج

تمھاری مرت اسکے ہاتھ سے نہوگی کیونکہ مین نے ایک بات ٹھہرائی ہے کہ دیوکی کے جتنے لڑکے ہونگے تتنے مین تجھے لا دونگا یہ
بچن مین نے تجھے دیا ایسی بات جب بسدیو نے کہی تب سمجھ کے کنس نے مان لی اور دیوکی کو چھوڑ کے کہنے لگا کہ ہے بسدیو تمنے اچھا
بچار کیا جو ایسے بھاری پاپ سے مجھے بچا لیا اتنا کہہ بدا کیے وے اپنے گھر گئے کتنے ایکدن متھرا مین رہتے تھے جب پہلا پتر دیوکی کے
ہوا تب بسدیو لے کنس پاس گئے اور روتا ہوا لڑکا آگے دھر دیا دیکھتے ہی کنس نے کہا کہ بسدیو تم بڑے ست بادی ہو مین نے
آج جانا کیونکہ تمنے مجھ سے کپٹ نہ کیا نرموہی ہوا اپنا پتر لا دیا اس سے ڈر نہین ہے کچھ مجھے یہ بالک مین نے دیا تجھے اتنا
سن بالک لے ڈنڈوت کر بسدیو جی تو اپنے گھر آئے اور اوسی سمے نارد منی جی نے جا کے کنس سے کہا کہ راجہ تمنے یہ کیا کیا جو بالک
اولٹا پھیر دیا کیا تم نہیں جانتے کہ باسدیو کی سیوا کرنیکو سب دیوتاؤن نے برج مین آکے جنم لیا ہے اور دیوکی کے آٹھویں
گربھ مین سری کرشن جنم لے سب راچھسون کو مار سوم کا بھار اوتارینگے اتنا کہہ نارد منی نے آٹھہ لکیرین کھینچ
گنوائین جب آٹھون گنتی مین آئین تب ڈر کر کنس نے لڑکے سمیت بسدیو کو بلا بھیجا نارد منی تو یون سمجھا کر چلے گئے
اور کنس نے بسدیو سے بالک لے مار ڈالا ایسے جب پتر ہوے تب بسدیو لے آوین اور کنس مار ڈالے اسی ریت
سے چھہ بالک مارے تب ساتوین گربھ مین سیس روپ سری بھگوان نے آ باس لیا۔
یہ کتھا سن راجہ پریچھت نے سری شکدیو منی سے پوچھا کہ مہاراج نارد منی جی نے جو ادھک پاپ کروایا تو اسکا بیورا سمجھا کر کہو جس سے
میرے من کا سندیہہ جائے سری شکدیو جی بولے راجہ نارد جی نے تو اچھا بچارا کہ یہ ادھک ادھک پاپ کرے تو سری بھگوان ترنت ہی پرگٹ ہون

ادھیائے تیسرا۔ گربھ استت کے برنن مین

سری شکدیو جی راجہ پریچھت سے کہنے لگے کہ راجہ جیسے گربھ مین آئے ہری اور برہما وغیرہ نے گربھ استت کری اور دیوی
جیسے بھانت بھانت دیوکی کو گوکل لیگئی تیسی ریت سے کتھا کہتا ہون ایکدن راجہ کنس اپنی سبھا مین آ بیٹھا اور جتنے دیت
اسکے تھے انکو بلا کر کہا سنو سب دیوتا پرتھی مین جنم لے آئے ہین تنھین مین کرشن بھی اوتار لیگا یہ بھید مجھے نارد منی
سمجھا کر کہہ گئے ہین اس سے اب اوچت یہی ہے کہ تم جا کر سب جدبنسیون کا ایسا ناس کرو جو ایک بھی جیتا نہ بچ پائے سنکر سب
دیت ساتھ ہو کے نگر مین آکر ڈھونڈھ ڈھونڈھ پکڑ لگے باندھنے کھاتے پیتے کھڑے بیٹھے سوتے جاگتے چلتے پھرتے جسے پایا
تسے جیتا نہ چھوڑا گھیر کر ایک ٹھور لاتے اور جلا جلا ڈبو ڈبو پٹک پٹک دکھ دے دے سبکو مار ڈالا اسی ریت سے چھوٹے بڑے
بنسیا وغیرہ بھانت بھانت کر بھیکھ بنائے نگر نگر گانون گانون گلی گلی گھر گھر کھوج کھوج لگے مارنے اور جد بنسی
دکھ پائے پائے دیس چھوڑ چھوڑ جی لے لے لگے بھاگنے۔
اوسی سمے بسدیو کی جو اور استریان تھین سو بھی روہنی سمیت متھرا سے گوکل مین آئین جہان نند جی کے گھر سب سے زیادہ ہتر تھے


اٹھواں نشانات ہت سو آسا بھروسا دیکھاوے اور مدسے سہنے لگین جب کنس دیوتا وُن کو یون ستانے اور اپ
پاپ کرنے لگا تب ہری نے اپنی آنکھون سے ایک مایا اوپجائی سو ہاتھ باندھ سنمکھ آئی اوس سے کہا تو ابھی سنسار مین جاکے
متھرا پوری ... سبھا کو ... دکھ دیتا ہے اور کشن دیب بسدیو دیوکی ہو ... گھر ہے تنکو ڈھونڈھ کھاتا ہے
چھے بالک تو اونکے کنس نے مار ڈالے اب ساتوین گربھ مین لچھمن جی ہین انکو دیوکی کی کوکھ سے نکال گوکل مین لیجا کر روہنی
کے پیٹ مین ... دیو ... دشت سکھانے اور سب وہان کے لوگ تیرا جس گاوینگے—
اس بھانت ... تو سمجھا سری ناراین بولے کہ تو پہلے جاکر یہ کارج کر کے نند کے گھر مین جنم لے پیچھے بسدیو کے یہان اوتار لے
... بھی نند کے گھر آتا ہون اتنا سنتے ہی مایا جب متھرا مین آئی ... تب بسدیو کے گربھ مین ... چھپا کے
گربھ ہر لیا ... روہنی کو سونپ دیا جانیے جب ... بھیجے روہنی کو بھگوان ... ماس بیتے ساون سدی چودس ...
کو بلدیو جی ... مین جنم لیا اور مایا نے بسدیو دیوکی کو جا سپنے دیا ... نے تمہارا ... گربھ سو لیا ... کو دیا ہے سو کچھ
بات ... ست کیجیو سنتے ہی بسدیو دیوکی جاگ اٹھے اور آپس مین کہنے لگے کہ یہ تو بھگوان نے بھلا کیا پر کنس کو اسی سمے جتایا
چاہیے نہیں تو کیا جانیے پیچھے کیا دکھ دے یون سوچ سمجھ رکھوار ون سے ملا کر کہا انھون نے کنس کو جا سنایا کہ مہاراج
دیوکی کا گربھ ادھورا گیا بالک کچھ بھی نہ ہوا ... سنتے ہی کنس گھبرا کر بولا کہ تم ابکی بیر چوکسی کریو کیونکہ مجھے اٹھوین گربھ
کا ڈر ہے جو آکاس بانی کہہ گئی ہے—
اتنی کتھا کہہ سری شکدیو جی بولے کہ ہے راجہ بلدیو تو یون پرگٹے اور جب سری کرشن دیوکی کے گربھ مین آئے تبھی مایا نے
جسا کے نند رانی جسودا کے پیٹ مین باس لیا دونون ... سے تھین کہ ایک دن ... دیوکی جمنا نہانے کو
گئین وہان سنجوگ سے جسودا بھی آن ملین تو آپس مین دکھ کی چرچا چلی ... جسودا نے دیوکی کو ... سے کہا کہ
تیرا بالک ... گا ... ایسے بچن دے اپنی گھر آئین اور وے اپنے گھر گئین جب کنس نے جانا کہ دیوکی
کا اٹھوان گربھ ہے تب جا بسدیو کا گھر چارون اور ... دیوکی بٹھادی اور بسدیو کو بلا کر کہا کہ اب تم پہلے
کپٹ ست کیجیو اپنا لڑکا لا دیجو تب تو مین نے تمہارا ہی کہنا مان لیا تھا—
ایسے ... بسدیو دیوکی کے ... ایک ... تب ... مین آ ملے
... کے او پاس ... جہان بسدیو دیوکی تھے گربھ کا پرکاش دیکھتے ہی کہنے لگا
... مین ... کال ... تو ... جیون ... بلبان مہا استری کے ...
... کہہ باہر آ ... جیسے ... وہان چوکی ... بھی

نت جو کسی آوے پر ایک بھی پل کل نہ پڑے جہاں دیکھے تہاں آٹھو پہر چونسٹھ گھڑی کرشن روپ کال ہی دکھائی دیت
آوے اسکے پیچھے سے مہا بیت ہو رات دن چنتا مین گھولے آدھ کنس کی تو یہ دسا تھی اودھر بسدیو اور دیوکی
پورے دنوں مہا کشٹ مین سری کرشن ہی کو مناتے تھے کہ اسی بیچ مین بھگوان نے اونھین سپن دیا اور
اپنا کہہ انکے من کا سوچ دور کیا کہ ہم بیگ ہی جنم لے تمھاری چنتا دور کرتے ہین تم مت چنتا کرو یہ سن بسدیو اور
دیوکی جاگ پڑے تو اتنے مین برہما رودر اندر آدک سب دیوتا اپنے بوان اودھر مین چھوڑ الکھ روپ
بن بسدیو کے گھر مین آئے اور ہاتھ جوڑ جوڑ بید گا گا کے گربھ استت کرنے لگے تس سمے اونکو کوئی نہ دیکھا
پر بید کی دھن سب نے سنی یہ اچرج دیکھ سب رکھوارے اچنبھے رہے اور بسدیو دیوکی کو نسچے ہوا کہ بھگوان
بیگ ہی ہمارے دکھ ہرینگے۔

ادھیای چوتھا کرشن جنم اور کنیا گرہن کے برنن مین

سری شکدیو جی بولے کہ راجہ جس سمے سری کرشن چند جنم لینے لگے تس کال سب ہی کے جی مین ایسا آنند ہوا کہ
دکھ نام کو بھی نہ رہا ہرکھ سے لگے بن اوپ بن ہرے ہو ہو پھولنے پھلنے ندی نالے سرور بھرنے تن پر بھانت
بھانت کے پنچھی کلولین کرنے اور نگر نگر گانون گانون گھر گھر منگلاچار ہونے براہمن جگ رچنے دسون دسا کے دگپال
ہرکھنے بادل برج منڈل پر پھرنے دیوتا اپنے اپنے بمانون مین بیٹھے آکاس سے پھول برسانے بدیادھر گندھرب چارن
ڈھول دمامے بھیری بجا بجا گن گانے اور ایک اور اورسی آد اپسرا ناچ رہین تھین کہ

جنم ہونا کرشن جی مہاراج کا گوکل مین پہنچانا بسو دیو جی کا



ایسے سمے بھادوں بدی اشٹمی بدھ وار روہنی نچھتر آدھی رات کو سری کرشن نے جنم لیا اور میگھ برن چندرمکھ
کمل نین ہو پیتامبر کاچھے مکٹ دھرے بیجنتی مالا اور رتن جڑت آبھوشن پہرے چتر بھوج روپ سنکھ چکر گدا پدم لیے
بسدیو دیوکی کو درشن دیا دیکھتے ہی اچنبھے ہو ان دونوں نے گیان سے بچارا تو آدپرکھ کو جانا تب ہاتھ جوڑ
بنتی کر کہا ہمارے بڑے بھاگ جو آپ نے درشن دیا اور جنم مرن کا نبیڑا کیا اتنا کہہ پہلی کتھا سب سنائی جیسے جیسے
کنس نے دکھ دیا تھا تب سری کرشن چندر بولے کہ تم اب کسی بات کی چنتا من میں مت کرو کہ میں نے تمہارے
دکھ کے دور کرنے ہی کو اوتار لیا ہے پر اس سمے مجھے گوکل پہونچا دو اور اسی بیریا جسودا کے لڑکی ہوئی ہے سو کنس
کو لا دو اپنے جانیکا کارن کہتا ہوں سو سنو کہ نند جسودا نے تپ کیا تھا ہی سوں ان لاے دیکھو چاہت
بال سکھ ... سوں تجھ ... دوسرے یہ کنس کو مار آ ملونگا اپنے من میں دھیرج دھرو ایسے بسدیو دیوکی کو سمجھا
سری کرشن بالک بن رونے لگے اور اپنی مایا پھیلا دی تب تو بسدیو دیوکی کا گیان گیا اور جانا کہ ہمارے پتر بھیا یہ سمجھ
دس ہزار گائے من ہی من سنکلپ کر لڑکے کو گود میں اوٹھا چھاتی سے لگا لیا اسکا منہ دیکھ دیکھ دونوں لمبی
سانسیں بھر بھر آپس میں کہنے لگے کہ جو کسی ریت سے اس لڑکے کو بھگا دیجیے تو کنس پاپی کے ہاتھ سے بچے بسدیو
بولے چوپائی بدھنا بن راکھے نہیں کوئی۔ اکرم لکھا سوئی پھل ہوئی۔ تب کر جوڑ دیوکی کہے نند متر گوکل
میں رہے۔ پیر جسودا ہر ہے ہماری۔ ... تمہاری۔ اس بالک کو وہاں لیجا دیوں سن بسدیو اکلا کر
کہنے لگے کہ اس کٹھن بندھ سے کیسے چھوٹ کر لیجاؤں جو اتنی بات کہی تو سب بیڑی ہتکڑی کھل پڑیں چاروں اور
کے کواڑ کھل گئے پہروے اچیت نیند بس بھئے تب بسدیو نے سری کرشن کو سوپ میں رکھ سر پر دھر لیا جھٹ پٹ
ہی گوکل کو پرستھان کیا سو اوپر برسے دیو پیچھے سنگھ ہو گومری سو چٹ ہی بسدیو جمنا دیکھ بیروا آت
نہ سکے تیر ... پھری ہو بسدیو بچارنے لگے کہ پیچھے تو سنگھ بولتا ہے اور آگے اتھاہ جمنا بہہ رہی ہے اب کیا کریں
ایسے کہہ بھگوان کا دھیان دھر جمنا میں پیٹھے جیوں جیوں آگے جاتے تھے تیوں تیوں ندی بڑھتی تھی جب
ناک تک پانی آیا تب تو بہت گھبرائے انکو بیاکل جان سری کرشن نے اپنا پاؤں بڑھا ہونکار دیا چرن
چھوتے ہی جمنا تھاہ ہوئی بسدیو پار ہو نند کے پور جا پہونچے وہاں کنواڑ کھلے بھیتر دھس کر دیکھیں
تو سب سوتے پڑے ہیں دیوی نے ایسی موہنی ڈالی تھی کہ جسودا کو لڑکی ہونیکی بھی سدھ نہ تھی
بسدیو جی نے کرشن کو تو جسودا کے ڈھگ سلا دیا اور کنیاں کو لے جھٹ اپنا پنتھ لیا ندی اوتر کر پھر
تہاں پہونچے سو جہاں تھی دیوکی جہاں کنیاں دی ... دیساکہی سنتے ہی دیوکی بھی جن ہو چلا ہے سو ابھی

پر کنس نے مار ڈالے تو بھی کچھ چنتا نہیں کیونکہ اس وقت کے ہاتھ سے بچ رہیگا ۔
اتنی کتھا سنا کے سری سکدیو جی راجہ پریچھت سے کہنے لگے کہ جب بسدیو لڑکی کو لے آئے تب آٹھوں پہر کو
کیواڑ لگ گئے اور دونوں کی ہتھکڑیاں بیڑیاں پھر لگ گئیاں رو اٹھی رونے کی دہاڑ سنکر پہرے والے جاگ اٹھے
اپنے اپنے ہتھیار لے ساودھان ہونے لگے یکایک [illegible] جاگ اٹھے [illegible] جاگا مارنے سنگھ دیا ہے
اور کتنے بھوکنے تسی سے اندھیری رات کے بیچ برستے مینہ ایک رکھوالے نے [illegible] کنس سے آ کے ما
تمہارا بیری اوپجا یہ سن کنس مورچھت ہو گرا ۔

ادھیائے پانچواں کنس آ ودیروں کا [illegible] میں

بالک کا جنم سنتے ہی کنس ڈرتا کانپتا اوٹھ کھڑا ہوا اور کھڑگ ہاتھ میں لے گرتا پڑتا دوڑا [illegible] بالوں کو
بکھیرے ڈر ڈر کر جا بہن کے پاس پہنچا جب اوسکے ہاتھ سے لڑکی چھین لی تب دیوکی ہاتھ جوڑ بولی
بھیا یہ دیکھ مجھے آنت پتا ہے بن کاج کنیاں مار کیوں پاپ بڑھاتا ہے کنس بولا جینی لڑکی مروں گا
تجھے جو بیاہ دیگا اسے سو نا لگا مجھے اتنا کہہ ناس آ جیون ہی چاہتا ہے کہ پیر آ کے تیسر پر پٹکے تو وہ ہی ہاتھ سے
چھوٹ کنیاں اکاس کو گئی اور پکار کے یہ کہتی گئی کہ رے کنس میرے پٹکنے سے کیا ہوتا ہے تیرا بیری جنم
لے چکا اب تو جیتا نہ بچیگا ۔
یہ سن کنس اچھتاتے پچھتاتے وہاں آیا جہاں بسدیو دیوکی تھے آتے ہی اوسنے ہاتھ پانو کی بیڑیاں کاٹ دیں
اور ہاتھ جوڑ کر کہنے لگا کہ میں نے بڑا پاپ کیا جو تمہارے تیرہ بالک مار ڈالے [illegible] ہم میں
میری گت ہوگی تمہارے دیوتا جھوٹے ہو جو بھون نے کہا تھا کہ دیوکی کے آٹھویں گربھ میں لڑکی ہوگا سو
ہوا لڑکی ہوئی وہ بھی ہاتھ سے چھوٹ سرگ کو گئی اب دیا کر میرا دوکھ جی میں ست رکھو یہ بات کرم کا
لکھا کوئی میٹ نہیں سکتا اس سنسار میں آئے سے جینا مرنا سنجوگ سنکھ کا ہے جیو ما جو آتما ہی میں
سو مرا جیا سمان ہی جانتے ہیں اور اگیانی ہتر شتر کر مانتے ہیں تم نے ساودھ ست بادی ہو جو ہمارے
ہیت اپنے تیرے آئے
ایسے کہہ جب کنس بار بار ہاتھ جوڑنے لگا تب بسدیو جی بولے کہ مہاراج تم سچ کہتے ہو اس میں تمہارا کچھ
دوش نہیں ہوتا نہ یہی ہمارے کرم میں لکھا تھا یوں سن کنس پرسن ہوا تب سے بسدیو دیوکی
کو اپنے گھر لے آیا بھوجن کروا سے بانگی بچھا کے بڑے آدر بھاو سے دونوں کو پہراوے پہنا سے دیا اور [illegible]

کما کردیی کہہ گئی ہے کہ یہ لڑکا پرن جگ مین جما اس سے اب دیوتاؤں کو جہان پاؤ وہاں مارو کیونکہ اوہیں نے
مجھے جھوٹی بات کہی تھی کہ آٹھویں گربھ مین تیرا شترو ہوگا سنتے ہی بولا کہ مہاراج اونکا مارنا کیا بڑی بات ہے جو وے تو
ہم کے بھکاری ہیں جب آپ کوپ کر کے تیر چلاتے ہیں بھاگ جائیں گے اونکی کیا سامرتھ ہے جو تمہارے سنمکھ ہوں برہما تو
آٹھ پہر گیان دھیان مین رہتا ہے مہادیو بھانگ کھاے ادرک کا کچہ تم پر اسا ہی رہا نا ہیں سو سنگرام نہین جانتے
لچھمن کے ساتھ تہا ہے سنگہ مانے لکس بولا نارائن کو کہاں پاویں وکس مدہ جیسی سوکمو ستری نے کہا مہاراج
یہ بات ہیں کہ جیتا جاتا ہے تو سنکے گھر مین آٹھ پہر رہا اونکا مارنا ہے کا اس کر و ساس برہمن ستیو ہوگی جتنی تپتی
سنیاسی بیراگی آدک تپ کرکے ساکت ہین تپ یہی کرکے سے لے یوم تک ایک بھی جیتا نہ ہے یہ سن کس نے
تہ وہاں سے کہا ہم سکو جا مارو آگیا پا کر منتری ایک راچھس ساتھ لے مدا ہو مین جا گو برہمن بالک اوپہ جھکرو
کو تپل ٹل کر بدھ مدو بہ ۔ ما لر لگا ۔

ادھیای چھٹواں کرشن جنم اوتسو کی برنن مین

اتنی کتھا اسری شکدیو جی بولے کہ راجہ کسے مدھسودن نے کے لیے شراتپ لیا تہاں سری ... نے آمی
بردیا کہ تمہارے یہاں جنم لے جائینگے جب بھادون بدی اشٹمین بدھ وار کو آدھی رات گئے سری کرشن آوتت
بسودا جی جاگتے ہی تیر کا گھر کہو مند کو بولا آت ... آنند او اپنا جنتب نہیں جانا ہو ہی اوٹھ کر جدی
نے پنڈتوں اور جوتشیوں کو بلوا بھیجا وے بھی اپنی اپنی پوتھی پتر لے آئے سلوا س دے رے آدر مان سے بٹھانے
اونہوں نے شاستر کے بدیہ سے تمیت مہینا تتھ دن نچھتر جوگ کرن ٹھہرائے لگن بچار مہورت سادھ کے کہا کہ
مہاراج ہمارے شاستر کے بچار میں تو ایسا آتا ہے کہ یہ لڑکا دو سرا برہما ہو سب اسرونکو مار برج کا بھار اوتاروی گا
کہا و یگا سارا سنسار اسی کا جس گاو یگا یہ سن نند جی نے کئی سینک روپیے کے تانبے کی پیٹھ سیت رولا
گو پاٹمبر اوڑھا سنکلپ کی اور ایک وان لر برہمن کو دچھنا دے اسیس لے لے بدا کیا تب نگر کے سب
سنگا گھیونکو بلوا بھیجا آے ایا گن پرکاش کرا کو با متری بجاتے ترنگ ناچتے گایک گاتے ڈھاڑی ڈھاڑن جس
بکھانتے اور جتنے گوکل کے گوال بال تھے وے بھی اپنی ناریوں کے سر پر دہیڑیاں سوہلے بھانت بھانت سے
بھیکٹ بنا ناچتے گاتے نند کو بدھائی دینے آئے آتے ہی ایسا دہ کاند و کیا کہ سارے گوکل مین دہی دہی کر
جب دہ کا ندو کھیل چکے تب نند جی نے سبکو کھلا پلا پاگے پہرا تلک کر پان دے بدا کیا ۔
اسی ہیت سو کئی دن تک بدھائی رہی اس بیچ جتنے نند جی سے آ آئے جو جو مانگا سو سو پایا بدھائی سے

نشچنت ہو نند جی نے سب گوالون کو بلاے کے کہا کہ بھائیو ہمنے سنا ہے کہ کنس بالک پکڑ منگواتا ہی بجا ہے کوئی دُشٹ کچھو لگا دے اس سے اوچیت ہے کہ سب مل کچھ بھینٹ لے چلین اور برس دن کا دے آوین یہ بچن مان سب اپنے اپنے گھر سے دُودھ دہی ماکھن اور روپیے لا کے گاڑیون مین لاد لاد نند کے ساتھ ہو کر گوکل سے چل متھرا آے کنس سے بھینٹ کر بھینٹ دی کوڑی کوڑی چکاے نند ہو جہار کر ایسی ایسی باتیں کیون ہی جمنا پیر آے تیون ہی سماچار سن بسدیو جی آے ہو نند جی مل کسل چھیم پوچھنے لگے کہ تمسا سگا ہمارا اس سنسار مین اور کوئی نہین کیونکہ جب ہمین بھاری بپت تھی تب گربھوتی روہنی تمہارے یہان بھیجدی اوسکے لڑکا ہوا سو تمنے پال بڑا کیا ہم تمہارا اگن کہان تک بکھانین اتنا کہ پھر پوچھا کہو رام کرشن اور جسودا راجی انند سے ہین نند جی تو لے آپکی کرپا سے سب بھلے ہین اور ہمارے جیوں مول تمہاری بلدیو جی بھی کنس سے ہین کہ جسکے ہوئے تمہارے پُن پرتاپ سے ہمارے پتر ہوا پر ایک تمہارے ہی دُکھ سے ہم دکھی ہین بسدیو کہنے لگے متر بدھاتا سے کچھ نہ بسا ے کرم کی ریکھا کسی سے مٹی نجاے اس سے سنسار مین آے دُکھ سُکھ پاے کون سمجھتا ہے ایسا گیان جتاے کے کہا **چوپائی** تم گھر جاہو بیگ آپنے ◆ کیسے کنس اوپدرو گھنے ◆ بالک ڈھونڈھ منگا وے نیچ ◆ ہو ے سادھ پر جاکے بیچ ◆ تم تو سب یہان چلے آے ہو اور کنس کے دُوت ڈھونڈھتے پھرتے ہین سنا ہے کوئی دشٹ گوکل مین جاے او پاد ہ مچادے یہ سنتے ہی نند جی اکلا کر سکو ساتھ لیے سوچتے متھرا سے گوکل کو چلے۔

ادھیاے ساتوان۔ پوتنا بدھ کے برن مین

سری شکدیو جی بولے کہ ہے راجہ کنس کا منتری تو ایک راچھس ساتھ لیے مارتا پھرتا ہی تھا کہ کنس نے پوتنا نام راچھسی کو بھی بلا کر کہا کہ تو جا جدبنسیون کے جتنے بالک پاوے تتنے مار یہ سن وہ پرسن ہو ڈنڈوت کر چلی تو اپنے جی مین کہنے لگی وہ جو جا بچے پوت ہین نند کے سو تو گوکل گاوَن ◆ چھل کر ابھی آن ہو گئی پی بن کے جاوَن ◆۔

یہ کہہ سولہ سنگار بارہ ابھوکھن کر گیج مین بکہہ لگاے موہنی روپ سا بھیس کیے کمل کا پھول ہاتھ مین لیے بن ٹھن کے ایسی چلی کہ جیسے سنگار کیے لچھمی اپنے کنت پے جاتی ہو گوکل مین پہونچ ہنستی ہنستی نند کے مندر بیچ گئی اسے دیکھ سکے سب موہت ہو بھولی سی رہین یہ جا جسودا کی پاس بیٹھی اور کشل پوچھ اسیس دی کہ بہن تیرا کانہ جیوے کوٹ برس ایسی پریت بڑھا لڑکے کو جسودا کے ہاتھ سے لے جیون گود مین رکھ دُودھ پلانے لگی تیون سری کرشن

دونون ہاتھہ سے استھن پکڑ منہ لگا دلگے پران سمیت دودھ پینے تب تو اوت بیاکل ہوئی پوتنا پکاری اے بالا
چھوڑ چھوڑ پر پوت منگھہ نہین یہ ہے جم دوت جو میری جان مین لے سانپ پکڑا جو اسکے ہاتھہ سے بچ جیتی جاونگی تو
پھیر گوکل مین کبھی نہ آونگی یوں کہہ بھاگ گانوں کے باہر آئی یہ کرشن نے نہ چھوڑا دبان اوسکا بھی لیا وہ
پچھاڑ کھاکے ایسی گری جیسے آکاس سے بجلی گرے اتنا شبد سن روہنی اور جسودا روتی پیٹتی وہیں آئین جہان
پوتنا دو کوس مین مری پڑی تھی اور اوسکے پیچھے سب گانوں اوٹھہ دھایا دیکھیں تو کرشن اوسکا دودھ
چھاتی پر چڑھے پی رہے ہیں جھٹ پٹ اوٹھائے منہ چوم ہردے سے لگائے گھر لے آئی گنیونکو بلائے جھاڑ پھونک
کرانے لگی اور پوتنا کے پاس گوپی گوال کھڑے آپس مین کہہ رہے تھے کہ بھائی اسکے گرنیکا دھماکا سن ہم ایسے ڈرے
ہین جو چھاتی اب تک دھڑکتی ہے نجانے بالک کی کیا گت ہوئی ہوگی اتنے مین متھرا سے نندجی آئے تو دیکھتے
کیا ہین کہ ایک راکھسی مری پڑی اور برج باسیوں کی بھیڑ گھیرے کھڑی ہے پوچھا یہ اوپادہ کیسی ہوئی وہ
کہنے لگے کہ مہاراج پہلے یوں سندری ہو تمھارے گھر اسیس دیتی گئی اسے دیکھہ سب برج ناری بھول رہین یہ
کرشن کولیکے دودھ پلانے لگی پیچھے ہم نہین جانتے کیا گت ہوئی اتنا سن نندجی بولے بڑی کشل بھئی جو بالک
بچا اور یہ گوکل پر نہ گری نہین تو ایک جیتا نہ رہتا سب اسکے نیچے دب مرتے یوں کہہ نندجی تو گھر آئے داں
پن کرنے لگے اور گوالوں نے پھرسے پھاوڑے کدال کلھاڑوں سے کاٹ کاٹ پوتنا کے ہاڑ گوڑ تو گڑھے کھود
کھود گاڑ دیے اور ماس چام اکٹھا کر پھونک دیا اوسکے جلنے سے ایک ایسی سگندھ پھیلی کہ جسنے سارے سنسار
کو سگندھ سے بھر دیا اتنی کتھا سن راجہ پریکشت نے شکدیو جی سے پوچھا کہ مہاراج یہ راکھسی مہا ملین ماس
کی کھانے والی اوسکے سریر سے سگندھ کیسے نکلی سو کرپا کر کموسن بولے راجہ سری کرشن چندر نے دودھ پی
اوسے مکت دی اس کارن سگندھ نکلی۔

ادھیائے آٹھواں سکٹ توڑنے اور ترناورت کے بدھ کے برنن مین

سری شکدیو یوں بولے دو ہا جب تجھ سو موہن بھئے۔ پونکھت سوائے چار بدہا ریت سب کرت جسودا مائے
جب ستائیس دن کے ہر ہوئے تب نندجی نے سب برہمن اور برج باسیونکو نیوتا بھیجا وے آئے تھین آدر مانگر
بٹھائے لگے برہمنوں کو تو بہت سا دان دے بدا کیا اور برج باسیونکو بھاگے بھرے ٹھٹ مین بھوجن کرانے لگے تس
سمے جسودا رانی پہنے تھی سو وہی ٹہل کرتی تھی برج باسی ہنس ہنس کھا رہے تھے گوپیاں گیت گا رہی تھین سب
آنند سے ایسے مگن تھے کہ سری کرشن کی سرت کسیکو بھی نہ تھی اور کرشن ایک بھاری چھکڑے کے نیچے پالنے مین

ابھیت سوتے تھے کہ اسمین سبھ کچھے ہو جاگے یا توان کے آگے پت م میں ہی رونے لگے اور بلک بلک چارون اور دیکھے
اوسی اومراوڑتا ہوا ایک ایکس آنکلا کرشن کو اکیلا دیکھا ایسے ذرا سین کٹ لگا کر سے تو کوئی بڑا بلی آیا ہے
یہ آج مین اس سے پوتنا کا بیر لونگا یوں ٹھان سکٹ مین آن بیٹھا تب اسکا نام سکٹاسر ہوا جب
کا راجہ پھیرا سے ہلا تب سری کرشن نے لمبے لمبے ایک ایسی لات ماری کہ وہ گیا اور ٹکڑا ٹکڑا
ہو گرا تو چھینا اس دودھ دہی کے تھے سب پھوٹ چور ہو گئے اور گورس کی ندی سی یہ نکلی کا ڈھم کے ٹوٹنے
اور چبا ہٹ کے ٹوٹنے کا شبد سن سب گوپی گوال دوڑ آگے آتے ہی جسوداجی نے کرشن کو اوٹھا لیا
چھاتی سے لگا لیا یہ طرح دیکھ سب آپس مین کہنے لگے آج بڑا اتفاق ہوا کی ہے بالک بچ رہا او سکٹ ہی ٹوٹ گیا
اتنی کتھا سنا کے سری شکدیو جی بولے ہے راجہ جب کرشن پانچ مہینے کے ہوتے تب کنس نے ترناورت کو پٹھایا وہ
بگولا ہو گوکل مین آیا نند رانی کرشن کو گود مین لیے آنگن مین بیٹھی تھی کہ نیکایک ایسے بھاری ہوئی جسودا
نے مارے بوجھ کے گود سے نیچے اوتارے اتنے مین ایک ایسی آندھی آئی دن کی رات ہو گئی اور لگے پیڑ او کھڑ اوکھڑ
گرنے چھپر اوڑنے تب بیاکل ہو جسوداجی سری کرشن کو اوٹھانے لگین پر وہ نہ اوٹھے جیوں ہی اونکے سر پر سے
انکا ہاتھ الگ ہوا تیوں ہی ترناورت آکاس کو لے اوڑا اور من مین کہنے لگا کہ آج اسے مار ہی کر رہونگا۔
وہ تو کرشن کو لیے یہ بچار وہان کرتا تھا یہان جسوداجی نے جب آگے نہ پایا تب رو رو کرشن کرشن کہنے
لگی اونکا شبد سن سب گوپی گوال ای ساتھ ہو ڈھونڈھنے کو دوڑے مارے اندھیرے کے ہاتھ ٹٹول ٹٹول
چلتے تھے تس پر بھی ٹھوکر کھا کے گر گر پڑتے تھے **چوپائی** برج بن کوئی ڈھونڈ نہ تاکے ڈھولین پات ڈھونڈھی ہو
ڈولین نند سبھی ڈھونڈ کرین پکار ⁂ تیرین گوپی گوپ اپار ⁂ جب سری کرشن نے نند جسودا سمیت سب
برج باسی ات دکھت دیکھے تب ترناورت کو پھیرا کے آنگن مین لا اسلا پر دھر پٹکا اور سکا جی پیٹ سے نکل سکا
آندھی تھم گئی اوجالا ہوا سب کھوے بھٹکے گھر آتے دیکھین تو ایکس آنگن مین مرا پڑا ہے اور سری کرشن چھاتی
پر کھیل رہے ہین آتے ہی جسودا نے اوٹھا کر کنٹھ سے لگا لیا اور بہت سا دان برہمنون کو دیا۔

اودھیای نوان نکھنا مین بسودرشن کے برنن مین

سری شکدیو جی بولے کہ ہے راجہ ایکدن بسدیو نے گرگ منی کو جو بڑے جوتشی اور جدونسیون کے پروہت
تھے بلا کر کہا کہ تم گوکل جا لڑکے کا نام رکھ آؤ وو جو گئی روہنی گربھ سون بھیو پوت ہے تاہ کہی آیو
کہیا لی کہا نام آوہ ⁂ اور نندجی کے پتر ہوئے ہے سو بھی تمھے بلاے گئے ہین سنتے ہی گرگ منی برج من ہو چلے

اور گوکل کے نکٹ جا پہونچے تس سمے کسی نے نندجی سے آکہا کہ جدبنسیون کے پروہت گرگ منی جی آتے
ہین یہ سن نندجی آنند سے گوال بال سنگ کر بھینٹ لے اوٹھہ دھائے اور پاٹمبر کے پاوڑے ڈالتے باجے
گاجے سے لے آئے پوجا کر آسن پر بٹھاے چرنامرت لے استری پرکھہ ہاتھہ جوڑ کہنے لگے مہاراج بڑے بھاگ ہمارے
جو آپ نے دیا کر درشن دیے گھر پوتر کیا تمہارے پرتاپ سے دو پتر ہوئے ہین ایک روہنی کے ایک ہمارے
کرپا کر انکا نام دھریے گرگ منی بولے کہ ایسے نام رکھنا اوچت نہین کیونکہ جو یہ بات پھیلی کہ گرگ منی گوکل
مین لڑکون کے نام دھر نے گئے ہین اور کنس سن پاوے تو وہ یہ جانیگا کہ دیوکی کے پتر کو بسدیو کے مترکے
یہان کوئی پہونچاے آیا ہے اسی لیے گرگ پروہت گیا ہے یہ سمجھہ مجھے پکڑ منگواویگا اور پچھاڑیگا تم پرپھی کیا
اوپادھ لاوے اس سے تم پھیلاو کچھہ مت کرو چپ چاپ گھر مین نام دھر دو انکو نند بولے گرگ جی تمنے سچ کہا
اتنا کہہ گھر کے بھیتر لیجاے بٹھایا نب نندجی سے گرگ منی نے دونون کے جنم کی تتھہ اور سمے لگن سادھ نام ٹھہرا کے
کہا سنو نندجی بسدیو کی ناری روہنی کے پتر کے تو اتنے نام ہونگے سنکرشن ریوتی رمن بلداو بلرام کالندی
بھیدن ہلدھر بل بیر اور کرشن روپ جو تمہارا لڑکا ہے اوسکے نام تو اگننت ہین پر کسی سمے بسدیو کے یہان
جنما اس سے باسدیو نام ہوا اور میرے بچار مین آیا ہے کہ یہ دونون بالک تمہارے چارون جگون مین
جب جنمے ہین تب ساتھہ ہی جنمے ہین نندجی بولے انکے گن کہو گرگ منی نے اوتر دیا یہ دوسرے بدھاتا ہین انکی
گت کچھہ جانی نہین جاتی پر مین یہ جانتا ہون کہ کنس کو مار بھوم کا بھار اوتارینگے ایسے کہہ گرگ منی چپ چاپ
چلے گئے اور بسدیو سے جا سب سماچار کہے آگے دونون بالک گوکل مین دن دن بڑھنے لگے اور بال لیلا کر
نندجسودا کو سکھہ دینے نیلے پیلے جھنگلے پہنے ماتھے پر چھوٹی چھوٹی لٹیان بکھری ہوئین نایت گنڈے باندھے
کٹھلے گلے مین ڈالے کھلونے ہاتھون مین لیے کھیلتے آنگن کے بیچ گھٹنون چل چل کر گر گر پڑتے اور توتلی باتین
کرتے روہنی اور جسودا پاچھے لاگی پھرتین اسلیے کہ مت کہین لڑکے کسی سے ڈر ٹھوکر کھا گرین جب چھوٹے
چھوٹے بچھڑون اور بچھیون کی پوچھہ پکڑ پکڑ اوٹھین اور گر گر پڑین تب جسودا اور روہنی ات پیار سے اوٹھا کے
چھاتی سے لگاے دودھہ پلاے بھانت بھانت کے لاڈ لڑا دین۔

جب سری کرشن بڑے بھئے تو ایک دن گوال بال ساتھہ لے برج مین دودھہ ماکھن کی چوری کو گئے چوپائی
سوتے گھر مین ڈھونڈھے جاے جو پاوے سو سے لوٹا سے جو جاگتی گھر مین سوتی پاوین چھکی دھری
دیکھی او ٹھالا دین جہان چھینکے پر رکھا دیکھین تہان پیڑھے پر پیڑھا پیڑھے پر اوکھلی دھر

ساتھی کو گھر آگر اوسکے اوپر چڑھ اونا لین کچھ کھاوین اور کچھ لڑھاوین ایسے گوپیون کے گھر گھر مت چوری کراوین —

ایکدن سب نے منتا کیا اور کہہ مین موہن کو آنے دیا جو گھر بھیتر بیٹھ جائیں کہ ماکھن دہی چراوین تو جاے پکڑ کر کہا کہ چوپائی دن دن آتے تھے نس بہور اب کہان جاوگے ماکھن چور یون کہہ جب سب گوپی مل کنھیا کو لیے جسودا کے پاس اوٹھا دیے ہیلین تب سری کرشن نے ایسا چھل کیا کہ اوسکے لڑکے کا ہاتھ اوسے پکڑا دیا اور آپ دوڑا سے گوال بالون کا سنگ لیا وے چلی چلی نندرانی کے نکٹ آئی پاون پڑ بولین کہ جو تم بلاگ نہ مانو تو ہم کہین جیسی کچھ اوپادھو کرشن نے ٹھانی ہے دوپاد وہ دہی ماکھن مہی بچے تھین برج ماجھ ؛ ایسی چوری کرت ہین پھرت سھو اور ساتھ ؛ جہان کہین دھرا دھکا پاتے ہین تہان سے ندھرک اوٹھا لاتے ہین کچھ کھاتے ہین کچھ لٹاتے ہین جو کوئی انکے مکھ میں دہی لگا بتاوے اوسے اولٹ کر کہتے ہین کہ تو نے ہی تو لگایا ہے اس بھانت نت چوری کراتے تھے آج ہمنے پکڑ پایا سو تمھین دکھانے لائین ہین جسودا بولی بیر تم کسکا لڑکا پکڑ لائی کل سے تو گھر سے باہر بھی نہین نکلا میرا کنور کنھائی ایسا ہی سچ بولتے ہو یہ سن اور اپنا ہی بالک ہاتھ میں دیکھ لجاے رہین تہان جسودا نے کرشن کو بلا کے کہا کہ تم کسو کے یہان مت جاو جو چاہو سو گھر مین سے لے آو چوپائی سنکے کانہہ کہت تتراے ؛ مت میا تو ان پتیاے ؛ جھوٹی گوپی جھوٹو بولین ؛ میرے پیچھے لاگی ڈولین ؛ کہین دوہنی بچھڑا پکڑاوتی ہین کبھی گھر کی ٹہل کراتی ہین مجھے دوارے رکھوارے تمھارے اپنے کاج کو جاتی ہین جھوٹ موٹ آ تمسے لگاتی ہین یون سن گوپی مسکاے مسکاے دیکھہ ویکھ کر چلی گئین آگے ایک دن کرشن بلرام سکھاون کو سنگ لے گھر مین کھیلتے تھے کہ جو کانہہ نے مٹی کھائی تو ایک سکھا نے جسودا سے جا لگائی وہ کرودھ ہاتھ مین چھڑی لی اوٹھ دھائی ماکو رس بھری آتے دیکھ مُنہ پونچھ ڈر کر کھڑے ہو رہے اوسنے جاتے ہی کہا کیون رے تو نے ماٹی کھائی کرشن ڈرتے کانپتے بولے ماتجھسے کسنے کہا وہ بولی تیرے سکھا نے تب موہن نے کوپ کر سکھا سے کہا کیون رے تو نے مٹی کیون کھائی وہ ڈر کر بولا بھیا میں تیری بات کچھ نہین جانتا کیا کہونگا جو کانہہ سکھا سے تتلانے لگے تو جسودا نے اونھین جا پکڑا تب کرشن کہنے لگے میا تو مت رسیاے کہین منکھ بھی مٹی کھاتے ہین وہ بولی مین تیری اٹپٹی بات نہین سنتی جو سچا ہے تو اپنا مکھ دیکھا جو سری کرشن نے مکھ کھولا تو اوسمین تین لوک درشت آئی سب جسودا کو گیان ہوا تو من مین کہنے لگی کہ مین بڑی مورکھ ہون جو تر لوکی ناتھ کو اپنا سُت کر

مانتی ہوں۔

اتنی کتھا کہہ سری شکدیو راجہ پریکشت سے بولے کہ ہے راجہ جب نند رانی نے ایسا جانا تب سہنے اپنی مایا پھیلائی تب موہن کو جسودا پیار کر کنٹھ لگائے گھر لے آئی۔

ادھیائے دسواں دام بندھن کی برنن میں

ایکدن دہی متھنے کی بیر جان ... سویرے نند رانی اٹھی اور سب گوپیوں کو جگائے مایا دہی کے گھر جہاں لیپ پوت کے اپنی اپنی متھانیاں لے رہی تھیں لگیں تہاں مدھو سہی ایک تراما کو راجہ والا روہی پیر رکھ ... کی بچھایا ... ادھ ... کی مٹکا ... تکی دھیا ... باجہ باجہ رام کرشن کے ییے ملوفی متھنے تس سمے وہی متھنے کا شبد ایسا نند کے گھر ہو رہا تھا کہ جیسے میگھ گرجتا ہو اتنے مین کرشن جاگے تو رو رو ما کر اٹکا نے لگے اور ... کیسیں نہ سنا تب آپ ہی ... اکے نکلے آئے اور انکھین ... متھنک متھنک تلا تلا کہنے لگے کہ ماں تجھے کئی بیر بلایا پر تو مجھے کلیو دینے نہ آئی تیرا کاج اتنا نہیں نپٹا کہ مجھ بیٹھ تری چیڑ دے سے نکال دونوں ہاتھ ڈال لگے ماکھن کاڑھ کاڑھ پھینکنے انکن لتھیڑنے اور پانوں پٹک پٹک انچل کھینچ کھینچ سونے تب نند رانی گھبرائی جھنجھلائی کے بولی بیٹا یہ کیا چال نکالی چھوڑ پائی جل اوٹھ تجھے کلیو دوں پھر کرشن کہا اب میں نہیں لوں پہلے کیوں نہیں دینی ماں اب تو میری لے بلا سے نداں جسودا نے پھسلائی پیار سے منہ چوم گود میں اوٹھا لیا اور دودھ ماکھن روٹی لیے کہنے کی کیسے لیے دیکھ لگے۔

اس بیچ ایک گوپی نے آکہا کہ تم تو یہاں بیٹھی ہو وہاں چولھے پر سے سب دودھ اوپھن گیا یہ سنتے ہی جھٹ کرشن کو گود سے اوتار اوٹھ دھائی اور جاکے دودھ بچایا یہاں کا نہ دہی مہی کے سباجن پھوڑ ری تو ڑ ماکھن بھری کمورے لے گوال بالوں میں آئے ایک اوکھل اندھا دھرا پایا اس پر جا بیٹھے اور جا سو اوسکھا ون کو بھلا نے لگے ایسی ہنس ہنس بانٹ بانٹ ماکھن کھاتے۔

اسیں جسودا دودھ اوتار آئی دیکھے تو انگن اور الان میں دہی مہی کی کیچ ہو رہی ہے تو ... سمجھ ہاتھ میں چھڑی لی نکلی اور ڈھونڈھتی ڈھونڈھتی وہاں آئی جہاں سری کرشن منڈلی بنائے ماکھن پھلاؤ رہے تھے جاتے ہی پیچھے سے جو کر دھرا تو ہرا کو دیکھتے ہی سب کرگئے کنہی کا گوریں کیسے لگا یا میں ہنیں جانوں مجھے چھوڑ دے ایسے وین سن جسودا ہنس کر ہاتھ سے چھڑی ڈال اور آنند میں مگن ہو رسں کر کنٹھ لگا کے گھر لائے کرشن کو اوکھل سے باندھنے لگی تب سری کرشن نے ایسا کیا کہ جس رسی سے باندھے وہی چھوٹی ہوگئی

جسودا نے سارے گھر کی رسّیان منگائین تو بھی باندھے نہ گئے ندان ماکو دکھت جان آپ ہی بندھائی دے دئے
نند رانی باندھ کو پیونا کھولنے کی سوچ دے بیٹھ گھر کی ٹہل کرنے لگی —

ادھیای گیارھوان جملا ارجن کی موچھ کی برنن مین

سری شکدیو جی بولے ہی راجہ سری کرشن چندر کو پورب جنم کی سدھ آئی کہ کبیر کے بیٹون کو نارد نے شاپ دیا ہی تنکا اودّھار کیا چاہیے یہ سن راجہ پریچھت نے شکدیو جی سے پوچھا کہ مہاراج کبیر کے بیٹے تنکو نارد مُن نے کیسے شاپ دیا تھا سو سمجھا کر کہو شکدیو جی بولے نل کوبر نام کبیر کے دو بیٹے کیلاس مین رہی سو شیو کی سیوا کر کے
ات دھنوان ہوئے ایک دن استریون ساتھ وے بن بہار کو گئے وہان جاے کر پی مدماتی بھئے تب ناریون سمیت ننگے ہو گنگا مین نہانے لگے اور گل میان ڈال انیک بھانت کی کلولین کرتے کہ اتنے مین تہان نارد مُن آنکلے اونہین دیکھتے ہی تو ناریون نے نکل کپڑے پہنے اور وی متوارے وہان ہی کھڑی رہے اونکی دشا دیکھ نارد جی من ہی من کہنے لگے کہ انکو دھن کا گرب ہوا ہے اسی سے یہ ماتے ہو کام کرودھ کو سکھ کر مانتے ہین نردھن منکھ کو اہنکار نہین ہوتا اور دھنوان کو دھرم ادھرم کا بچار کہان ہی مورکھ جھوٹی دیہ پر بھولے سینت کو تم دیکھکر بھوے اور مادھو جس مدرس مین نہ آئے سیت بپت ایک سم ملنے اتنا کہ نارد مُن نے اونہین شاپ دیا کہ اس پاپ سے تم جا گوکل مین برچھ ہو جب سری کرشن او تار لینگے تب تمہین مکت دینگے ایسے نارد مُن نے اونہین شاپ دیا تھا تسی سے گوکل مین آ رو کھ ہوئی اونکا نام جملا ارجن ہوا —
اتنی کتھا کہ شکدیو جی بولے کہ مہاراج اسی بات کی سرت کر سری کرشن اوکھلی کو گھسیٹے وہان لیگئے جہان جملا ارجن برچھ تھے جاتے ہی وی دونون ترو کے بیچ او کھل کو بیڑا ڈال ایک ایسا جھٹکا مارا کہ وے دونو پیڑ اوکھڑ گئے اور اونہین سے دو پرکھ ات سندر نکل ہاتھ جوڑ استت کرنے لگے کہ ہی ناتھ تم بن ہمسے پاپیون کی سدھ کون لے سری کرشن بولے سنو نارد مُن نے تم پر بڑی کرپا کی جو گوکل مین مکت دی اونہین کی کرپا سے تم نے مجھے پایا اب بر مانگو جو تمھارے من ہو جملا ارجن بولے کہ دینا ناتھ یہ نارد جی کی ہی کرپا ہی جو آپکے چرن پرسے اور درشن کیا اب ہمین کسی بات کی اچھا نہین پر اتنا ہی دیجیے جو سدا تمھاری بھکت ہمرے من مین رہے یہ سن سری ہنس کر سری کرشن چندر نے اونہین بدا کیا —

ادھیای بارھوان بتباسر اور لکاشر بدھ کی برنن مین

سری شکدیو مُن بولے کہ راجہ جب وی دونون ترو گرے تب اونکا شبد سن نند رانی گھبرا کر دوڑی وہان آئین جہان سری کرشن کو اوکھل سے باندھ گئین تھین اور اونکے پیچھے سب گوپی گوال بھی آئے جب

کرشن کو وہاں نپایا تب بیاکل ہو جسودا موہن موہن پکارتی اور کہتی چلی کہان گیا باندھا تھا مائی کہین
کسی نے دیکھا میرا کنور کنھائی اتنے مین سامنے سے آ ایک بولی برج ناری کہ دو پیڑ گرے تہان سبھے مرا ری
یہ سن سب آگے جاے دیکھیں تو سچ ہی رچھ او کھڑے پڑے ہین اور کرشن تنکے بیچ اوکھلی سے باندھے
سکڑے بیٹھے ہیں جاتی ہی سدھ نے اوکھل سے کھول کرشن کو رو کر گلے سے لگا لیا اور سب گوپیان
ڈرا جان لگیں چٹکی تالی دے دے ہنسانے نند اوپ نند آپسمین کہنے لگے کہ یہ کہان جگ کے جمے ہوے
روکھ کیسے اوکھڑ پڑے یہ اچنبھا جی مین آتا ہی کچھ بھید انکا سمجھا نہین جاتا اتنا سن کے ایک لڑکے نے کہا سو راجیون
کا تیون کہا پر کسیکے جی مین نہ آیا ایک بولا بیہ بالک اس بھید کو کیا سمجھین دوسرا بولا کدا چت یہی ہو ہر کی گت کون
جانے ایسی ایسی انیک بھانت کی باتین کر سری کرشن کو لیے سب آنند سے گوکل مین آئے تب نند جی
نے بہت دان پن کیا۔


کتنے ایک دن بیتے کرشن کا جنم دن آیا تو جسودا رانی نے سب کٹمب کو نیوت بلایا اور منگلاچار کر برس گانٹھ
باندھی جب سب مل جیون بیٹھے تب سدھ لے بولے سنو بھائیو اب اس گوکل مین رہنا کیسے بنے دن دن
ہونے لگے اوپدرو کہو چلو کہین ایسے ٹھور جا دین جہان ترن جل کا سکھ پاوین اوپ نند بولے بندرابن جا
کلیان ہے اور جگت میں بڑائی ہے کلونتی پت برتا کا دھرم ہے کہ پت کو چھن بھر نہ چھوڑے اور جو استری اپنے
پرکھہ کو چھوڑ پر پرکھہ کے پاس جاتی ہے سو جنم جنم نرک پاتی ہے ایسے کہہ کرشن پھر بولے کہ سنو تمنے آکے
سگھن بن نرمل چاندنی جمنا تیر کے سوبھا دیکھی اب گھر جاے من لگا پت کی سیوا کرو اسی میں تمہارا بھلا

سب بھانت بھلا ہو اتنا بچن سری کرشن کے مکھ سے سنتے ہی سب گوپی ایک بارگی اچیت ہو ایا سوچ
ساگر میں ہیں جیسے چوپائی نیچے جتنے اوساسین لیتیں نیدیں لکھہ تے بھوکھودت بھیں ۔ یون درگ
سے جھوٹے جل دھارا ۔ مانو ٹوٹے موتی ہار ا ۔ ندان دکھہ سے گھبرا کے رو رو کہنے لگیں کہ تم بڑے ٹھگ
ہو پہلے تو بنسی بجا کے اچانک ہمارا گیان دھیان من دھن ہر لیا اب نردئی ہو کپٹ کر کٹھور بچن کہ پران لیا چاہتے ہو
یون سنائی پھیر بولیں دوہا لوگ کو ہم گھر بیت تجے تجی لوک کی لاج ۔ ہیں اناتھ کو نہیں راکھہ سرن برجراج
اور جو جن تمھارے چرنون میں رہتے ہیں سو دھن تن لاج بڑائی نہیں جانتے اونکے تو تمھیں ہو دھن جن کے
ہے ہمارا ن روپ بھگونت چوپائی کہیں کہا جاے ہم گریہ ۔ اچھے بر آن تمھارے نیہہ ۔ اتنی بات کے
سنتے ہی سری کرشن چندر نے مسکرا کے گوپیونکو نکٹ بلا کہا جو تم راچی ہو اس رنگ تو کھیلو راس ہماری
سنگ یہ بچن سن گوپی دکھہ تج بہ بہتیا سے چار و اور گھر آئیں اور ہر مکھ نرکھہ لوچن سپھل کرنے لگیں
دوہا تھا جیسے بیچ جو سیام گھن یہ چھب خوشی کا اس کیل ۔ منو نیل گر تر ے تیں او بیچے کنچن بیل ۔ آگے
سری کرشن جی نے اپنی مایا کو آگیا کی کہ ہم راس کرینگے اوسکے لیے تو اچھا استھان رچ اور یہاں کھڑی
رہو جو جسے جس وستو کی آگیا کرے سو سولا دیجو تب اوسنے سنتے ہی جمنا تیر جاے ایک کنچن کا منڈلاکار بڑا
چوترا بناے موتی ہیرے جڑا اوسکے چار و اور پوست کیلے کے کھمبے لگاے تن میں بندنوار بھانت بھانت کے
پھولونکے لا باندھ آ سری کرشن چندر سے کہا وے سنتے ہی برن ہو سب برجناریونکو ساتھ لے جمنا تیر کو چلے
وہان جاے دیکھیں تو چندر منڈل سے راس منڈل کے چوترے کی چمک جوگنی سوبھا دے رہی ہے اوسکے چار و اور
ریتی چاندنی سی پھیل رہی ہے یون سگندھت سیتل مندی مٹھی چل رہی ہے اور ایک اور سگھن بن کی ہریالی
اوجیالی رات میں ادھک چھب دے رہی ہے ۔

اس سمے کو دیکھتے ہی سب گوپی مگن ہو اوسی استھان کے نکٹ مان سرور نام جو ایک تال تھا تسکے تیر جاے
من مانتے ستھرے بستر آبھوکھن پہن نکھہ سکھہ سے سنگار کر اچھے اچھے باجے بین بجا و آ سر ا بندھواے آئیں اور پریم
مدماتی ہو سبیچ سنکوچ تج سری کرشن کے ساتھہ مل لگیں بجانے گانے ناچنے اوس سمے سری گوبند گوپیون
کی منڈلی کے بیچ ایسے سہاونے لگتے تھے جیسے تارا منڈل میں چندرمان ۔

اتنی کتھا کہہ سری شکدیو جی بولے کہ سنو مہاراج جب گوپیون نے گیان سے ایک جھور اس میں ہر کو بھی
پیٹ کر مانا اور اپنے آدھین جانا تب کرشن چندر نے من میں بچارا چوپائی اب موہ ان لا پنے بس جانیو ۔

سیت نکھتے ہم من مین آنیو چھبین اگیان لاج تج دیہہ چھٹین یکرین کنت سیہہ جگیان دھیان ملکے
سب اپنے من چیتا نند جادون ان گرب بڑھایو دیکھون مجھہ بن پیچھے تمہین کیا کرتی ہین اور کیسے رہتی ہین
ایسے بچار سری رادھکا کو ساتھہ لے سری کرشن چندر انتر دھیان ہوئے

ادھیای اکتیسوان گوپی برہ کے برنن ہین

شکدیو مُنی بولے کہ مہاراج ایکا ایکی سری کرشن چندر کو نہ دیکھتے ہی گوپیونکی آنکھون کے آگے اندھیرا ہوگیا

تلاش کرنا گوپیونکا صحرا مین



اور اتی دکھہ پاے ایسی اکلاتین کہ جیسے من بکھو کر سرپ گھبراتا ہے اسیمین ایک گوپی کہنے لگی دو ہا کھو سکھی
موہن کہان گئے ہمین چھٹکا ے پہت سے گر ہیان دھرے ہی ہتے اور لاے ابھی تو ہمارے سنگ ملے راس
بلاس کر رہے تھے اتنے ہی مین کہان گئے تم مین سے کسینے جاتے نہ دیکھا یہ بچن سن برہ جاری برہ کی ماری سب
او داس ہو ہاے ہاے کر بولین دوہا کہان جائین کیسی کرین کاسو کہین لیکار ہین کت کچھ نہین جانہین
کیونکر ملین مرار ایسے کہہ ہر ماتی ہو سب گوپی چار و اور ڈھونڈ ہر گن گا گا رو رو کر
پکارنے چوپائی ہمکو کیون چیانند چھوڑ جاتے ہو سرس دیا تمہاری ساتھہ جب وہان تہا یا تب آگے
جاے آپسمین بولین کہ سکھی یہان تو ہم کسیکو نہین دیکھتے کس سے پوچھین کہ کدھر گئے تو ایک

گوپی نے کہا کہ سنو آے ایک بات میری جی مین آئی ہے جی جتنے اس بن مین پشو پنچھی برچھ ہیں سو سب رکھے ہین
ہین سری کرشن لیلا دیکھنے کو اوتار لے آئے ہین انھین سے پوچھو کہ یہان کھڑے دیکھتے ہیں جدھر ہر گئے
ہونگے تدھر بتا دینگے اتنا بچن سنتے ہی سب گوپی برہ سے بیاکل ہو کیا جڑ کیا چیتن ایک ایک سے لگین پوچھنے چوپائی
ہے بٹ پیپل پاکر بیر۔ لہا پن کر اونچ سریر۔ پر اوپکاری تم ہی بٹ۔ سر جھے روپ برکھی پر لئے۔ گھام سیت رکھا
دکھ سہو۔ تس کاج برائی ٹھاڑھے رہو۔ لگا پھول پھل پھول داڑیمن۔ سون کرب پرائی سا۔ سب کا من دھن
ہر نند لالا۔ گئے ادہر کو کہو دیالا۔ ہے کدمب انبا کچناری۔ تم کہوں دیکھے جات مراری۔ ہے اسوک چمپا کربیر
جات لکھی تم کہوں بل بیر۔ ہے تلسی ہر کی اتِ پیاری۔ تس تین کہون ترا لکھت نیاری۔ پھولی آج ملے ہر آئے۔ ہم ہون
کو کیون دیت بتائے۔ جاتی جہی مالتی مائی۔ ات ہین نکسے کنور کنہائی۔ مرگن نہار کہین سرنہاری۔ ات تم جات دیکھی
بنواری۔ اتنا کہہ سری شکدیو جی بولے کہ مہاراج اسی ریت سے گوپی اِشٹ پنچھی بیل سے پوچھتے پوچھتے تو سری کرشن
مئی ہو ہو تیا اور وے اوسب ناری روپ کرشن کی بال لیلا کرنے لگین اور ڈھونڈھتے ندان ڈھونڈھتے ڈھونڈھتے کتنی ایک
دور جاے دیکھین تو سری کرشن چندر کے چرن چنہہ کمل بجر دھوج انکش سمیت ریت پر جگمگا رہے ہین
دیکھتے ہی پر جہاری جس رج کو سر زمین لگتے ہین تس رج کو ڈنڈوت کر سر چڑھا ہر کے ملنے کی آس دھر وہان
سے بڑھین تو دیکھا اون چرن چنہون کے پاس پاس ایک ناری کے بھی پانون پڑے ہوے ہین اوسے دیکھ اچرج
کر آگے جاے دیکھین تو ایک ٹھور کومل پاتون کی بچھونے پر سندر چپر آدرپن پڑا ہے اوس سے پوچھنے لگین جب
وہ بھی نہ بولا تب اونھون نے آپس مین پوچھا کہو آلی یہ کیونکر لیا اوسی سمے جو پیاری کے من کی جانتی
تھی اوسنے اوتر دیا کہ سکھی جب پریتم پیاری کی چوٹی گوندھنے بیٹھے اور سندر بدن بلوکنے مین انتر ہوا تس سمے
پیاری نے درپن ہاتھ مین لے پیا کو دیکھایا تب سری مکھ کا پرچھانوان سنمکھ ہوا یہ بات سن گوپیان
کچھ نہ کوپیان اور کہنے لگین کہ اوسنے شیو پاربتی کو اچھی ریت سے پوجا ہے اور بڑا تپ کیا ہے جو پیا ان ایت کر
ساتھ ایکانت مین نڈر ک بہار کرتی ہے مہاراج ادہر تو سب گوپی برہ مدماتی بکبک جھک جھک ڈھونڈھتی
ہی پھرتی تھین کہ اودہر سری رادھکا جی ہر کے ساتھ ات سکھ مان پریتم کو اپنے بس جان آپکو سب سے
بڑا ٹھان من مین ابھمان آن بولین کہ پیارے اب مجھسے چلا نہین جاتا کاندھے چڑھا لے چلئے اتنی بات کے
سنتے ہی گرب بھنجن انترجامی سری کرشن چندر نے مسکرا بیٹھ کر کہا کہ آؤ ہمارے کاندھے چڑھ لیجیے جب
وہ ہاتھ بڑھا پیہ چڑھنے کو ہوئین تب سری کرشن انتردھیان ہوئے جون ہاتھ بڑھا لے چڑھنے کو ہوئین

تیون ہاتھ پسارے کھڑی ہی رہ گئیں ایسے کہ جیسے گگن سے مان کر کے دامنی بچھڑ رہی ہو کے چندر سے چندر کا روس پیچھے رہ گئی ہو اور گورے تن کے جوت چھوٹ رہی تھی پریون جیب دے رہی تھی کہ ما تو سندر کنچن کی مورت کھڑی ہے نینون سے جل کی دھار بہ رہی ہے اور سباس کے بس جو مکھ کے پاس بھنورے آئے تھے بیٹھتے تھے اونھیں بھی اوڑا نہیں سکتی تھی اور ہا ہی ہاے کر تن مین برہ کے ماری اس بھانت رو رہی تھی اکیلی کہ جسکے رونے کی دھن مین سب روتے تھے پشو پکھی اور درم بیلی اور یوں کہہ رہی تھی **چوپائی** ہا ہا ناتھ پریم ہت کاری ✱ کہان گئے سو چھند ہماری ✱ چرن داسی مین تیری ✱ کرپا سندھ لیجے سدھ میری ✱ اتنے مین سب گوپی بھی ڈھونڈھتی ڈھونڈھتی اوسکے پاس پہونچیں اور اوسکے گلے مل ایسوں نے ایسا سکھ مانا کہ جیسے کوئی مہا دھن کھوے آدھا دھن پائے سکھ مانے ندان سب گوپی بھی اوسے اتی دکھت جان ساتھ لے مہا بن مین پیٹھیں اور جہان تک اوجیالا دیکھا تہان تک گوپیون نے بن مین **کرشن** چندر کو ڈھونڈھا جب سگھن بن کے اندھیرے مین راہ نہ پائی تب وے وہان سے پھر کر دھیرج دھر ملنے کی آس کر جمنا کے اوسی تیر آ بیٹھین جہان **کرشن** چندر نے اونھیں سکھ دیا تھا

ادھیائے تینتیسواں گوپیوں کی کٹھن برہ کے بیان مین

سری شکدیو جی بولے کہ مہاراج سب گوپی جمنا تیر پر بیٹھ پریم مد ماتی ہو ہر کے چرتر اور گن گانے لگین کہ پریتم ہم جب سے برج مین آئے تب سے نئے نئے سکھ یہان آئی کر چھائے لچھمی ہے لے تمھارے چرن کے آس کیا ہے اچل آپکے پاس ہم گوپی ہیں داسی تمھاری سدھ لیجیے دیا کر ہماری جب سے سندر سانولی سلونی مورت ہیری تب سے ہو گئین ہین بن مول کی چیری تمھاری نین بانون سے بنتے ہین یہ ہمارے سو پیارے لگے بن ہمارے جاتے ہین جیو ہمارے اب کرپا کیجے بیگ کرکے ہمین درشن دیجے جو تمھین مارنا ہی تھا تو بکھا سے اگ اور جل کسلیے بچایا تمھین مرنے کیون نہ دیا تم کیول جسوداستت نہیں ہو تمھین برہما رودر اندر آدی دیوتی کر سب لائی ہین سنسار کی رچھا کے لیے ہر یران ناتھ ہمین ایک اچرج بڑا ہے کہ جو اپنوں ہی کو مارو گے تو رکھواری کسکی کرو گے پریتم تم انترجامی ہو سے ہمارے دکھ ہرن کی آس کیون نہیں پوری کرتے کیا ابلاؤن پر سوتا دکھا رہے ہو پیارے جب تمھاری سند مسکان پیار بھری چتون اور بھوؤن کی مرور نینون کی شکر گرو اکی لٹک اور باتون کی چٹک ہمارے جی مین آتی ہے تب کیا کیا نہ دکھ پاتی ہین اور جب تم گو چراون جاتے تھے بن مین تس سمے تمھارے چرن کومل کا دھیان کرنے سے بن کے کنکر کانٹے آ کسکتے تھے ہمارے من مین جوڑ کے گئے سانجھ کو پھر آتے تھے تس پر بھی چار پہر چار جگ جانتے تھے جب سنمکھ بیٹھ سند مکھ نہارتی تھیں سے

تب اپنے جی میں بچارتی تھیں کہ برھما کوئی بڑا مورکھ ہی ہو جو پلک بنائی ہیں ہمارے اٹکٹک دیکھنے میں بادھا
ڈالنے کو اتنی کتھا کہ شکدیو جی بولے کہ مہاراج اسی ریت سے سب گوپی برہ کی ماری کرشن چند کے گن اور
چرتر انیک پرکار سے گا گا ہاری تسپر بھی نہ آئے بہاری تب تو پٹ نراس ہو ملنے کی آس۔ کر جینے کا
بھروسا چھوڑ آت ادھیر تا سے اچیت ہو گر ایسے روے پکارین کر سنکر چراچر دکھت بھئے بھاری۔

ادھیای تینتیسواں گوپی کرشن سمباد کے برنن میں

شکدیو جی بولے کہ مہاراج جب سری کرشن انترجامی نے جانا کہ اب یہی گوپیاں مجھ بنا جیتی نہ رہیں گی چھپے
تب تن ہی میں پرگٹ بھئے نندنندن یوں ✤ در شٹ بند کر چھپے پھر کیے پرٹ ودیوں ✤ آئے ہر دیکھے جبے سبے
ادٹھیں یوں چیت ✤ پران پڑے جوں مرتک میں اندرے جگیے اچیت ✤ بن دیکھے من سکو یاکل یوں ہیو بھانو
من منعہ بھونک سے ڈس کے گیو ✤ پر پھر پریہ جان پہونچے ای کے ✤ امرت بلیں پیچ لیے سب جیای کے دوہلا
ستو کمل نس بلن ہیں ایسے ہی برجبال ✤ کنداگی ب چھب دیکھ کے بھولے بن ابتال ✤ اتنی کتھا کہ سری شکدیو
جی بولے کہ مہاراج کرشن چند رآنند کند کو دیکھتے ہی سب گوپیاں ایکا ایکی برہ ساگر سے نکل اونکے پاس جای
ایسی پھولی ہیں کہ جیسے کوئی اتھاہ سمدر میں ڈوب تھاہ پاسے پرسن ہو اور چار واور سے گھیر کر کھڑی
ہوئیں جیسے سری کرشن اونھیں ساتھ لیے وہاں آئے جہاں پہلے راس بلاس کیا تھا پلنے ہی ایک گوپی نے
اپنی اوڑھنی اوتار سری کرشن کے بیٹھنے کو بچھا دی جیوں وے اوسپر بیٹھے تیوں کئی ایک گوپی کرودھ کر بولیں
کہ مہاراج تم بڑے کپٹی پرایا من دھن لے جانتے ہو پر کسیکا گن کچھ نہیں مانتے اتنا کہ آپسمیں کہنے لگیں وہ وہا
گن چھانڈے اوگن لیے ہے کپٹ من بھای ✤ دیکھو سکھی بچار کے تاسوں کہا بسای ✤ یہ سن ایک سکھی اونمیں
سے بولی کہ سکھی تم الگی رہو اپنے کیے کچھ سو بھا نہیں پاتی دیکھو میں کرشن ہی سوں کہتی ہوں یوں کہ اوسنے
سری کرشن سے مسکرا کر پوچھا کہ مہاراج ایک بن کیے گن مان لے اور دوسرا کیے گن کا بدلا دے تیسرا گن کے بدلے
اوگن کرے چوتھا کیے گن کو من میں نہ دھرے ان چاروں میں کون بھلا ہی اور کون برا یہ تم سمجھا کر ہمسے کہو
سری کرشن چند بولے کہ تم سب چت دے سنو بھلا اور برا میں سمجھا کر کہتا ہوں کہ وہ تم تو وہ ہو جو بن کیے کرے جیسے
پتا پتر کو چاہتا ہے اور کیے پر کرنے سے کچھ پن نہیں سو ایسے ہیں جیسے گائے بہت کو دودھ دیتی ہے اور گن کیا اوگن
مانے تیسے شتر جانتے سب سے برا کرتگھنی ہے اتنا بچن سنتے ہی جب گوپیاں آپسمیں ایک ایک کا منھ
دیکھ ہنسنے لگیں تب تو سری کرشن چند گھبرا کر بولے کہ سنو میں ان چاروں گنوں میں نہیں ہوں جیسا تم سمجھتی ہو

پر میری تو یہ ریت ہی کہ جو مجھسے جس بات کی اچھا کرتا ہی تسکے من کی بانچھا پوری کرتا ہون جو تم یہ کہو کہ تمھاری یہی چال ہی تو ہمین بن مین کیون چھوڑ گئے اسکا کارن یہ ہی کہ مین نے تمھاری پریت کی پرکھیا لی اس بات کا مت برا مانو میرا کہا سچ ہی جانو یون کہہ پھر بولے چوپائی اب ہم پریچ لیو تمھار دہ کینیو سمرن دھیان ہمار دہ موہن سوں تم پریت بڑھائی دہ مانو نردھن سنپت پائی دہ ایسے آئیں میری کاج دہ تجے سب لوک کی لاج دہ جیون بیراگی چھاڑ کے گیہہ دہ من دے ہرسوں کرے سنیہہ دہ کہا تہاری کرین بڑائی دہ ہم سون پلٹو دیو نہ جائی دہ جو برہما کے سو برس جیئن تو بھی ہم تمھاری رن سے ادرن نہ ہو سکے دہ

چتر راس منڈل کا اور گلفشانی دیوتون کی

ادھیای چونتیسواں بیچ ادھیای راس لیلا کے برنن مین

سری شکدیو مُن بولے کہ راجہ جب سری کرشن چندر نے اس ڈھب سے رس کی بتین کہے تب تو سب گوپیان من کا شوک تیاگ دھیرج دھر ہرسے مل ساتھ سماتھ کے سکھ مان آنند مگن ہو کیل کرنے لگین تس سمے دو پہر تن جگ پایا تھی جی انس ہو دیہہ دھ سب کو سکھ چاہت دیو لیلا پریم سنیہہ دہ جتنی گوپیان تہین تتنے ہی سری کرشن چندر نے دھر اُدھی راس منڈل کے چوترے پر سبکو ساتھ لے پھر راس بلاس کا آرمبھ کیا چوپائی دو دو گوپی [illegible]

[illegible]

انگن سب دیے ہیں ہیر مدف بھیرن سنگ ہر لیے ہیں بیچ گوپی بیچ نند کشور یہ مکھن گھٹا دامن چھبو اُپر یہ شیام کرشن
گوری برجبالا ہی مانو کنگ نیل من مالا یہ مہاراج ایسی ریت سے کھڑے ہو۔ گوپی اور کرشن انیک پرکار کے باجون
کے سُر ملاے ملاے کٹھن کٹھن راگ الاپ الاپ بجاے بجاے گانے لگے اور تہکی جو کہی ارٹی گورٹی دوگن تیگن کی
تانین اوپجین لے لے بول تباے تباے لگین ناچنے اور آنند مین ایسی مگن ہوئیں کہ اونکو تن من کی بھی سُدھ نہ تھی
کہین اونکا انچل اوگھر جاتا تھا کہین الکا کھسل ایدھر موتیون کے ہار ٹوٹ ٹوٹ گرتے تھے اودھر اودھر
بن مال پسینے کی بوند ماتھے پہ موتیون کی لڑی سے چمکتے تھے اور گوپیون کے گورے گورے مکھڑے پر الکین یون
بکھر رہی تھین کہ جیسے امرت کے لوبھ سے سپولے اوڑکر چاند کو جا لگے ہووین بنسی کو چھپاے کبھی کوئی گوپی کرشن
کی مرلی کے ساتھ مل کر جھیل مین گاتی تھی کبھی کوئی اپنی تان الگ ہی لیجاتی تھی اور جو کوئی بنسی کے ساتھ
مل اوسکی تان جیونکی تیون گلے سے نکالتی تھی تب ہر ایسے بھول رہتے تھے کہ جیون بالک درپن مین اپنا پرچھاوان دیکھ بھول رہی
اسی پرکار سے گاے گاے ناچ ناچ انیک بھانت کے ہاو بھاو کٹاکچھ کر کر سکھ لیتے دیتے تھے اور پریم
سہیں ہنس ہنس کچھ بیچ کنٹھ لگا لگاے لیتے ابھو مکھن بچھاور کر رہے تھے اوس کال برھما رودر اندر آدک سب
دیوتا اور گندھرب اپنی اپنی استریون سمیت بمانون مین بیٹھے راس منڈلی کا سکھ دیکھ دیکھ آنند سے پھول برساتے
تھے اور اونکی استریان وہ سکھ دیکھ ہونس کر من مین کہتی تھین کہ جو جنم لے برج مین جائیں تو ہم بھی ہر کے ساتھ
رس بلاس کرین اور راگنیون کا ایسا سما بندھا تھا کہ جیسے سن کے پون پانی بھی نہ بہتا تھا اور تارا منڈل
سمیت چندرماں جھکت ہوکر کرنون سے امرت برساتا تھا اسمین رات ایسی بڑھی کہ چھ مہینے بیت گئے اور کسی
نے نجانا تبھین سے اوس رات کا نام برھم رات ہوا۔

اتنی کتھا سنا سری شکدیو جی بولے کہ پرتھی ناتھ راس لیلا کرتے کرتے جو کچھ سری کرشن چندر کے
من مین ترنگ آئی تو گوپیون کو لیے جمنا تیر پہ جاے نیر مین پیٹھ جل کریڑا کر پھر سرم مٹاے باہر آئے سبکی منوکامنا
پوری کر بولے کہ اب چار گھڑی رات رہی ہے تم اپنے اپنے گھر جاؤ اتنا بچن سن اوداس ہو گوپیون نے کہا کہ
آپکے چرن کمل چھوڑ کیسے گھر جائیں ہمارا لالچی من تو کہا مانتا ہی نہین کرشن چند بولے کہ سنو جیسے جوگی جن
میرا دھیان دھرتے ہین تیسے تم بھی دھیان کیجیو مین تمھارے پاس جہان رہو گی رہونگا اتنی بات کے سنتے ہی
سنتوکھ کر سب بدا ہو اپنے اپنے گھر گئین اور یہ بھید اونکے گھر والون مین سے کسینے نجانا کہ یہ یہان نہ تھین۔
اتنی کتھا سن شکدیو جی سے راجہ پریچھت نے پوچھا کہ دیندیال ہمین سمجھا کر کہو کہ کرشن چند تو اسُر کو

مار پرتھی کا بھار اوتارنے اور سادھ سنتوں کو سُکھ دینے دھرم کا پنتھ چلانے کے لیے اوتار لے آئے تھے اونھوں نے پرائی استریوں کے ساتھ راس بلاس کیوں کیا یہ تو ایک نکھد کرم ہے جو پر آئی استری سے بھوگ کرے جو پاپی ہے من راجہ یہ بھید نہ پایو جھا کہہ کر پر بیشر ماجو چھے سمرے پاتک جات چھٹ ونت یا دن ہر گات جیسے اگن مانجھ کچھ پڑے سو اگن ہوے کے جرے سامرتھی کیا نہین کرتے کیونکہ وے لوک کے کرم کی ہان کرتے ہین جیسے شیو جی نے بکھ لیا اور رکھا کے کنٹھ کو بھوکھن دیا اور کالے ساپ کا کیا ہار کون جانتے اونکا بیوہار وے تو اپنے لیے کچھ بھی نہین کرتے جو کوئی اونکا بھجن اسمرن کر بر مانگتا ہے تیسا ہی اوسکو دیتے ہین اونکی تو یہ ریت ہے کہ سب سے ملے درشٹ آتے ہین اور دھیان کر دیکھیے تو سب ہی سے الگ جاتے ہین جیسے جل مین کمل کا پات اور گوپیوں کی اونپت تو مین پہلے تمھین سُنا چکا ہون کہ دیبی اور دیو کی استریان ہر کا درس پرس کرنیکو برج مین جنم لے آئی ہین اور اسی بھانت سری رادھکا بھی برہما سے بر پائے سری کرشن چندر کی سیوا کرنیکو جنم لے آئین اور پربھو کی سیوا مین ہین اتنی کتھا کہہ سری سُکدیو جی بولے مہاراج کہا ہے کہ ہر کے چرتر یان لیجیے پر اونکے کرنے مین من نہ دیجیے جو کوئی گوپی ناتھہ کا جس گاتا ہے سو نر بھی اٹل پرم پد پاتا ہے اور جیسا پھل ہوتا ہے اوسٹھ تیرتھ نہانے مین تیسا ہی پھل ملتا ہے سری کرشن جس گانے مین۔

ادھیای پینتیسواں بدیا دھر کو تارنے اور سنکھ چور کے مارنے کی برنن مین

سری سُکدیو مُن کہنے لگے کہ راجہ جیسے سری کرشن نے بدیا دھر کو تارا اور سنکھ چور کو مارا سو کتھا کہتا ہون تم جی لگاے سُنو کہ ایکدن نندجی نے سب گوپ گوالوں کو بلا کے کہا کہ بھایو جب کرشن کا جنم ہوا تھا تب مین نے کُل دیبی امبکا کی یہ مانتا کی تھی کہ جسدن کرشن بارہ برس کا ہوگا تسدن کٹم سمیت جاکے پوجا کرونگا سو دن اوسکی کرپا سے آج دیکھا اب چلکر پوجا کیا چاہیے اِتنا بچن نندجی کے مُکھ سے سُنتے ہی سب گوپ گوال اوٹھ دھائے اور جھٹ پٹ ہی اپنے اپنے گھرون سے پوجا کی سامگری لے آئے تب تو نندرای پوجا اور گؤ دودھ دہی ماکھن بہنگیوں پر رکھوا لے سب کو کٹمب سمیت اونکے ساتھ ہو لیے اور چلے چلے امبکا کے مندر پہونچے وہان جاے سرستی ندی مین نہاے نندجی نے پروہت بُلا سب کو ساتھ لے دیبی کے مندر مین جاے شاستر کی بدھ سے پوجا کی اور جو پدارتھ چڑھانے کو لیگئے تھے سو آگے دھر پرکرما کر ہاتھ جوڑ کر کہا کہ ماتا آپکی کرپا سے کرشن بارہ برس کا ہوا ایسے کہہ ڈنڈوت کر مندر کے باہر آے سہسر براہمن جیوائے اتنے مین اندھیرا ہوا تو سب برجباسیوں سمیت نندجی تیرتھ برت کر وہانہی رہے اور آنکو سوتے تھے کہ ایک اجگر نے آ

نندکا پاؤن پکڑا اور لگا نگلنے تب تو وے دیکھتے ہی ہے کھاے گھبرائے کے لگے پکارنے کہ ہو کرشن ہو کرشن سنگ سندھولے نہیں تو ہمے نگلا جاتا ہے اوانکا شبد سنتے ہی سب برجباسی استری پرکہ ہتیئے ہیونک نندجی کے مکت جاہی اوجالا کر دیکھیں تو ایک اژدہا اونکا پاؤن پکڑے پڑا ہے اتنے میں سری کرشن چندرجی نے پہونچ سبکے دیکھتے ہی جیون اوسکی پیٹھ میں چرن لگا بانیون ہی وہ پاون چھوڑ سندر پرکھ ہوکے نام کر ہاتھ جوڑ کھڑا ہوا تب سری کرشن نے اوس سے پوچھا کہ تو کون ہے اور کس پاپ سے اجگر ہوا تھا وہ سر جھکائے بنتی کر بولا کہ انترجامی تم سب جانتے ہو میں سودرشن نام بدیادھر ہون سرپور میں رہتا تھا اور اپنے روپ گن کے آگے گرب سے کسیکو کچھہ نہ گنتا تھا۔

ایک بمان میں بیٹھہ پھرنیکو نکلا تو جہان انگرا رکھہ بیٹھے تپ کرتے تھے تنکے اوپر ہی ہو سنو بیر آیا گیا اونھون نے بمان کی پرچھائیں جو دیکھا تو اوپر دیکھہ کرودھ کر مجھے شراپ دیا کہ ہے ابھمانی تو اجگر سانپ ہو۔

اتنا بچن اونکے مکھہ سے نکلا کہ میں اجگر ہو نیچے گرا تس سمے رکھہ نے کہا تھا کہ تیری مکت سری کرشن چندر کے ہاتھہ ہوگی اسی لیے میں نے نندرائے جی کے چرن آن پکڑے تھے کہ آپ آنکے مجھے مکت کریں سو کرپانا تھہ آپ نے آ مجھہ پر کرپا کر مکت دی یہ کہہ بدیادھر تو پرکرما کر ہے آگیا لے بداہو بمان پر چڑھ سرلوک کو گیا اور یہ چرتر دیکھہ سب برجباسیونکو اچرج ہوا ابھور ہوتے ہی دیبی کا درشن کر سب لے برندابن آئے اتنی کتھا سنائے سری شکدیو جی بولے کہ پرتھوی ناتھہ ایکدن بلدیو اور گوبند گوپیون سمیت چاندنی رات بن میں آنند سے گا رہے تھے کہ اتنے میں کبیر کا سیوک سنکھہ چوڑ نام جچھہ جسکے سیس میں من اور آت بلوان تھا سو آنکلا دیکھے تو ایک اور سب گوپیان آنند کر رہی ہیں اور ایک اور کرشن بلدیو مگن ہو مستانہ گا رہے ہیں کچھہ اسکے جیمیں جو آیا تو سب برجنارین کو گھیر آگے دھر لے چلا تس سمے بھی کہتی پکاریں برج بام رچھا کرو کرشن بلرام۔

اتنا بچن گوپیون کے مکھہ سے نکلتے ہی دونون بھائی روکھہ او کھاڑ ہاتھو میں لے یون دوڑ آئے کہ مانو گج ماتے اوسنگہہ او پر دھائے اور وہان جائے گوپیون سے کہا کہ تم کسی سے مت ڈرو ہم آنکو کال کے سمان آن پہونچے دیکھتے ہی جچھہ بیچ مان گوپیون کو چھوڑ پران لے بھاگا اوس کال نندلال جی نے بلدیو کو تو گوپیون کے پاس چھوڑا اور آپ جائے اوسکو جھونٹہ پکڑ پچھاڑا اور جھٹ چھالی تھپکر اوسکا سیر کا من لے بلرام جی کو دیا۔

ادھیائے چھتیسواں گوپی گیت کے برنن میں

سری شکدیو منی بولے کہ راجہ جبتک ہر بن میں دھین چرانے ہیں تبتک سب سندری اونکے گن سمرتی ہی میں بیٹھی سدا آسی رہیں پاس آتی کچھہ [illegible]

جس گاوین جو لیلا کرشن چندر بن مین کرین سو گوپیاں گھر بیٹھے اودھین چوپائی منو لکھی بات ہر بین
نیتں بچھپن یاد ت ہین جین نہت سنگ دیپی تھکی بان ہ گن بیٹھے ہین نہ ہس ٹھٹھان ہ کرتے یہ مین چوری
مو مدری پچیس مین تن کی سندھ بہری نہ بسین ایک کی پر دھاری ہ گرمن سکھ بہانت باری ہ گاوت سہر آنند
اڈول ہ بھوننہ نچاوت یان کیولا ہ پیسنگ مرگی تھکی سن بیب ہ جمنا بھری گھرشن تہان دھین ہ سو ہت
بادرھا کرین ہمانو جپتہ کرشن ایروھرین ہ اب ہرسگھن گیتج کو دھائے ہ وین سب بنسی بٹ تراٹے ہ
گاین یا بیسے دولت بجیے ہ گھر لیجل پیاون گئے ہ سانجھ بھئی اب لوٹے ہری ہ چدرانجت گلے بین دھن کی ٹی
اتنی کتھا سنائے سری شکدیو جی نے راجہ پرکھشت سے کہا کہ مہاراج اسی ریت سے نت گوپیان دن بھر ہر کے گن گاوین
اور سانجھ سمے آگے جاے کرشن چند آنند کند سے مل سکھ مان لے آوین اوتس سمے جسودا رانی بھی پتر کا رج
سندرت لکھ پیار سے بوٹچھ کنٹھ لگا ے سکھ ما نے

ادھیاے سینتیسواں کنس ناردکی سمبادکی برنن مین

شکدیو جی بولے کہ مہاراج ایکدن کرشن چند بلرام سانجھ سمے دھین چراکے بن سے گھر کو آتے تھے
اتنے مین ایک آسر بڑا بیل بن آے گایوں مین ملا چوپائی بہت اکاس لو دیہی دھرے ہ پیٹھ کرٹی باتم بن
کری ہ بڑے سینگ تیچھن دوا وکھٹے ہ رکت نین ات ہی رس بھرے ہ یوچہ اوٹھاے ڈکارت پھرے ہ
رو رہ بھوتل کو برکرے ہ پھر کے کندھ ہلاوے کان ہ بھجے دیو سب چھوڑ بمان ہ گھر سہون کھودے ندی
کرارے ہ پربت اولٹ پیٹھ سون ڈارے ہ سبکو تراس بھیو تہ کالا ہ کا مین لوگ یال دگپالا ہ چھٹی
سیس تھرہری ہ تریہ اور دھین گربھ بھو پیرے ہ اوسے دیکھتے ہی سب گائین تو جدھر تدھر پھیل گئین
اور برجباسی دوڑ کر وہاں آئے جہان سبکے پیچھے کرشن بلرام چلے آتے تھے یہ نام کر کہا کہ مہاراج آگے ایک بڑا بیل
کھڑا ہے اوس سے ہمین بچاؤ اتنی بات کے سنتے ہی انترجامی سری کرشن چندر بولے کہ تم کچھ مت ڈرو وہ
بیل کا روپ بن آیا ہے نیچ ہمسے چاہتا ہے اپنی میچ اتنا کہہ آگے جاے اوسے دیکھ بولے ہر لری کر آو ہمارے پاس
کپٹ تن دھاری ہو اور کسیکو کیوں ڈراتا ہے میری نکٹ کس لیے نہین آتا ہے جو بیری سنگھ کا گھاتا ہے سو
مرگ کا پیر نہین دھاوتا دیکھ مین ہی ہون کال روپ گوبند تجھ سے دشٹون کو مار کے کیا ہے نکند۔
یون کہہ پھرتال ٹھونک للکارے کر آمجھ سے سنگر لیہو کر ٹھین سنتے ہی آسر ایسا کرودھ کر دھایا کہ مانو اندر کا بجر آیا
[illegible] ایک بار جو او ہتون نے [illegible]

تھبھلا کر اوٹھا اور دونون سینگون مین اوسنے ہرکو دبایا تب توسری کرشن جی نے سی پھرتی سے نکل جھٹ پانون بریا لوان دے اوسکے سینگ پکڑ یون مروڑا کہ جیسے کوئی بھیگے کپڑے کو نچوڑے سو وہ پچھاڑ کھا گرا اور اوسکا جی نکل گیا تس سمے سب دیوتا اپنے اپنے بوالون مین بیٹھے آنند سے پھول برسانے لگے اور گوپی گوپ کرشن جس گانے اس بیچ رادھکا جی نے آہر سے کہا کہ مہاراج برکھبھ روپ جو تمنے مارا اسکا پاپ ہوا اس سے اب تیرتھ نہائے اگر تب کسیکو ہاتھ لگاؤ اتنی بات کے سنتے ہی پربھو بولے کہ سب تیرتھون کو مین برج ہی مین بلائے لیتا ہون یون کہہ گوبردھن کے نکٹ جای دو گھرے کنڈ کھدائے تہین سب تیرتھ دیہہ دھر آئے اور اپنا اپنا نام کہہ کہہ جل ڈار ڈار چلے گئے تب کرشن چندر اوس مین اشنان کر باہر آ بہت سے گئوان دے اور برہمن جیولے شدھ ہوئے اور اوسی دن سے وے کرشن کنڈ اور رادھا کنڈ کے نام پرسدھ ہوئے یہ پرسنگ سنائے شکدیو منی بولے کہ مہاراج ایکدن نارد منی جی کنس راجا کے پاس آئے اور اوسکا کوپ بڑھانے کے لیے جب بلرام اور سیام کے پیدا ہونے اور مایا کے آنے اور کرشن کے جانیکا بھید سمجھا کر کہا تب کنس کرودھ کر کے بولا نارد جی تم سچ کہتے ہو دوہا تم ہو پرم آئے کے من پرتیت بڑھائے جیوں شٹھک کچھو دیکھائے کے سر لیس بے بھیج جائے اتنا کہہ بسدیو کو بلائے پکڑ باندھا اور تلوار ہاتھ پر رکھ اکلا کر بولا چوپائی ملا رہا کپٹی تو ہیسے بھلا سادہ جاتا مین تجھے دیا نند گھر کرشن پٹھائے دیہی ہمین دیکھائی آئے من مین کچھ کہو کچھ اور ہو آج اوس مارون یہی بھور ستر سگا سیوک تہکار ہی کرے کپٹ سو پاپی بھاری دوہا مکھ میٹھا من بکھ بھرا ہے کپٹ سے ہیت آپ کاج پر دروہیا تا سو بھلا جو پریت ایسے بک جھک بھر کنس نارد جی سے کہنے لگا کہ مہاراج کچھ اسکے من کا بھید کہنے سنا یا ہوا لڑکا اور کنیا کو لا دیکھایا جسے کہا کہ اودھورا گیا سو گوکل مین بلدیو بھیجا اتنا کہہ کرودھ کر اوٹھ دھائے جیون چاہا کہ بسدیو کو مارون تیون نارد منی نے ہاتھ پکڑ کر کہا کہ اب بسدیو کو تو تو کہ آج اور بھین کرشن بلدیو آوین سو کر کاج ایسے کہہ کے یون جائے جب نارد منی چلے گئے تب کنس نے بسدیو دیوکی کو تو ایک کوٹھری مین موند دیا اور آپ ڈر کھائے گھبرائے کیشی نام راچھس کو بلائے کے کہا چوپائی مہابلی تو ساتھی میرا بڑا بھروسا مجھ کو تیرا ایکبار تو برج مین جا رام کرشن ہت مجھے دکھا اتنا بچن سنتے ہی کیشی لا آگیا بدا ہو ڈنڈوت کر برندابن کو گیا اور کنس نے شل توشل چانور مشٹک پھر ان جتنے منتری تھے سبکو بلا بھیجا جب وے آئے تب اونھین سمجھا کہنے لگا کہ میرا بیری بلا پاس آ کے سکھ لیا ہو تم اپنے من مین سوچ بچار کرکے اوسکے بیرون کا مشورہ جو کھٹکا ہے نکالو

سنتری بولے کہ پرتھی ناتھ آپ مہابلی ہیں کس سے ڈرتے ہیں رام کرشن کا مارنا کیا بڑی بات ہے کچھ چنتا مت کرو
جس چھل بل سے وے یہاں آویں سوئی ہم جتن بتا دیں۔
پہلے تو یہاں بھلی بھانت سوں ایک ایسی سندر رنگ بھوم بناویں کہ جسکی سوبھا دیکھتے کو سنتے ہی نگر گانوں
گانوں کے لوگ اوٹھ دھاویں پیچھے مہا دیو کا جگ کرا و ہوم کے لیے بکرے بھینسے منگاؤ یہ سماچار سن سب برج باسی بھینٹ
لا دینگے تنکے ساتھ رام کرشن بھی آوینگے تنھیں کوئی مل پچھاڑیگا یا اور کوئی او رہی بلی دوارے بیچ مار ڈالیگا
اتنی بات کے سنتے ہی سوربھا کے کنس بولا بھلو منو منتری کہتے تنھیں کل بلائے آدر کر بیرا دیے پھر سبھا کر اپنے
بڑے بڑے راکھسوں سے کہنے لگا کہ جب ہمارے بھانجے رام کرشن آویں تب تم میں سے کوئی اونھیں مار ڈالیو
جو میرے جی کا کھٹکا جائے اونھیں یوں سمجھا مہاوت کو بلا کے کہا کہ تیرے بس میں بہت ہاتھی ہیں تو دوار
پر لیے کھڑا رہنا جب وے دونوں آویں تب تو ہاتھی سے چروا ڈالیو کسی بھانت بھاگنے نہ پاویں جو او نکو
ماریگا سو منہ مانگا دھن پاویگا ایسے سب کو سمجھا بوجھا کے کارتک بدی چودس کو شیو کا جگ ٹھہراو
کنس نے سانجھ سمے اکرور کو بلا بہت آو بھگت کر گھر بھیتر لیجا ایک سنگھاسن پر اپنے پاس بٹھا ہاتھ
پکڑ اتی پیار سے کہا کہ تم جدو کل میں سب سے شریشٹ گیانی دھرماتما ہو اسلیے تمھیں سب جانتے ہیں ایسا کوئی نہیں جو تمھیں
دیکھ سکھی نہ ہو اس سے جیسے اندر کا کاج باون نے جا کیا جو چھل کر بل کا سارا راج لے لیا اور راجہ بل کو پاتال
بٹھایا تیسے تم ہمارا کام کرو کہ ایک بیر برندابن جاؤ اور دیوکی کے دونوں لڑکون کو جیسے تیسے چھل بل کر
یہاں لے آؤ کہا ہے کہ جو بڑے ہیں سو آپ دکھ سہا کرتے ہیں پرائے کاج تمھیں تمھیں کو ہے ہماری سب لاج
اور کیا کہیں جیسی ہے تیسے اونھیں لے آؤ تو یہاں سہج ہی میں مارے جاوینگے یا تو چانور پچھاڑیگا یا گج کوبلیا پکڑ
چیر ڈالیگا نہیں تو میں ہی اوٹھ مارونگا اپنا کاج لینے ہاتھ سوارونگا اور اون دونوں کو مار پیچھے اوگرسین
کو ہنونگا کیونکہ وہ بڑا کپٹی ہے میرا مرنا چاہتا ہے پھر دیوکی کے پتا دیوک کو آگ سے جلا یہیں جو ونہیں کے ساتھ ہی
اوسکے بسدیو کو مار ہر بھگتونکو جڑ سے کھو ونگا تب نڑ بند لیا راج کرو جراسندھ جو میرا سسر ہے بڑا
بلی ہے [illegible] اور نرکاسر بانا بڑے بڑے مہابلی راکھس جنکے سیوک ہیں تس سے جانونگا
جو تم رام کرشن کو لے آؤ تو یہ سب باتیں کہہ کر کنس پھر اکرور کو سمجھانے لگا کہ تم برنداون میں جا کے نند
کے یہاں کہیو کہ شیو کا جگ ہے دھنکھ دھرا ہے اور انیک انیک بہار کے آنند وہاں ہونگے یہ سن نند اپنے
گوپوں سمیت بکرے بھینٹ لے آوینگے تنکے ساتھ دیکھنے کو کرشن بلدیو بھی آوینگے

تمھین انکے لانیکا اوپاے بتایا آگے تم آپ گیانی ہو جو اوچت سمجھیو سو کیو اوتنے کیا کہین کہا ہی سو رتھ ہی ہوی
بجھپتر بیٹھ جا منہ مل آنیو ویر کارج پر جو بیٹھ کرے بھروسا تات تو اتنی مانگے سنتے ہی بیٹے تو اکرور نے ایسے جیین
بچارا کہ جو مین آپ اس سی بھلی بات کہونگا تو نمانے گا اس سے او تم ہی ہر کہ اس سے اسکے من بھاتی سہاتی بات کہون
کیونکہ کہا ہے کہ جہی کیجے جو جیسے سہلے یون سوچ بچار ہاتھ جوڑ اکرور سر جھکای بولا کہ مہاراج تمنے بھلا متا کیا ہے جن
ہیننے بھی سر جڑ جای مان لیا ہو ہمار پر کچھ بس نہین چلتا مکلہ انیک منورتھ کر دھاتا ہی پر کرم کا لکھا ہی پھل پاتا ہی
سوچتے ہین اور اور ہوتا ہے اور کسیکے من کا چیتا ہوتا نہین اگم باندھ تمنے یہ بات بچاری ہے نجانیے کیسی ہووے
مین نے تمھاری بات مان لی کل بھور جاؤنگا اور رام کرشن کو لاؤنگا ایسے کہہ کنس سے بدا ہو اکرور اپنے گھر آیا —

ادھیای اڑتیسوان [۳۸] بیوماسر دیت کے مارنے کے برن مین

سری شکدیو جی بولے کہ مہاراج جیون سری کرشن چندر نے کیسی کو مارا اور نارد نے جای استت کری تیم
پھر بھوماسر کو ملا سو سب چرتر کہتا ہون تم چت دے سنو کہ بھور ہوتے ہی کیسی آتے اونچا بھیانک گھوڑا بن بندابن
مین آیا اور لگا لال لال آنکھین کر نتھنے چڑھا کے کان پونچھ اوٹھا پایون سے کھوین کھودنے اور ہنس ہنس کر بدنا
کیسے کپارے لاسین چلانے اوسے دیکھتے ہی گوال بالون نے بھی کھاے کرشن سے جا کہا وے سنکے وہان آئے جہان
وہ تھا اور اوسے دیکھ لڑنیکو پر باندھ تال ٹھونک سنگھ کی بھانت گرج کے بولے کارے جانتا ہین کہ کنس کا تو پریتم
ہے اور گھوڑا بن کر آیا ہے تو اور کے پیچھے کیون پھرتا ہے آ مجھ سے لڑ تیرا بل دیکھون دیپ پتنگ کی بھانت کب تک پھریگا
تیری مرت تو آن پہونچی ہے یہ سن کیسی نے کوپ کر اپنے من مین کہا آج اسکا بل دیکھونگا اور پکڑ ہاتھی کی بھانت چبا
کنس کا کارج کر جاؤنگا —

اتنا کہہ منہ بائے کر ایسا دوڑا کہ مانو سارے سنسار کو کھا جاویگا آتے ہی جیون کرشن پر اوسنے منہ چلایا
تیون ان دونون نے ایک پیر تو دو لات ... [illegible] ... پیچھے کو ہٹایا ... دوسرے پیر ... [illegible] ... تب سری کرشن
[illegible] اپنا ہاتھ اوسکے منہ مین ... ایسا ... [illegible] ... کھلا کر جیسے کہنے لگا
کہ ... [illegible] ... کیسی ... مرت آپ منہ مین ... [illegible] ... جان دیتی ہے تیسے مین نے بھی اپنا
جی آپ کھویا ... [illegible] ... ہاتھ لگانے کو ... [illegible] ... سانس ... [illegible]
تو بچارا ... تب اوسکے سر سے لوہو ندی کی بھانت بہ نکلا ... پیچھے گوال بال آے آپ ... دیکھنے لگے اور
سری کرشن چندر آگے جا بن مین ایک ... کی بھانت ... [illegible]

نارد مُن آن پہونچے پرنام کر کھڑے ہو بین بجائے ہر لیلا گاے کے بولے کہ کرپانات تمھاری لیلا اپرم پار ہے
اتنی کس مین سامرتھ ہے جو آپکے چرترونکو بکھانے پر تمھاری دیا سے میں اتنا جانتا ہون کہ آپ بھگتونکو سکھ
دینے کے ارتھ اوتار دھرکے رچھا کی بنت اور دشٹ اسرونکی مار نیکے ہیت بار بار اوتار لے سنسار مین پرگٹ ہو
بھوم کا بھار اوتارتے ہو۔

اتنا بچن سُنتے ہی پربھو نے نارد مُن کو تو بدا کیا وے ڈنڈوت کر سدھارے اور آپ سب گوال بال سکھاؤن کو
ساتھ لے پربت پے جاکے تلے بیٹھے پہلے تو کسی کو منتری پردھان کسیکو سینا پت تھا نے آپ راجا ہو راج ریت سے کھیل
کھیلنے لگے اور پیچھے آنکھ مچولا -

اتنی کتھا کہہ شکدیو مُن بولے کہ پرتھی ناتھ وہ بیا مار کیتی سُوہن سُنی کنس یہ بات ۔ بیوماسُر سون
کہت ہی جھلکت کیت گات **چوپائی** ار کہنے بیوماسُر بلی ۔ تیری جگ مین کیرت بھلی ۔ جیتا رام کے پون کو
پوت ۔ تیون ہی میرو تو جم دوت ۔ بسدیو کے پوتر ہت لاؤ ۔ آج کاج میرو کر آؤ ۔ یہ سُن ہاتھ جوڑ
بیوماسُر بولا کہ مہاراج جو ہو سکیگا سو کرونگا آج میری دیہہ ہے آپ ہی کے کاج جو جی کے لوبھی ہین تنھین
سوامی کے ہاتھ دیتے آتی ہے لاج سیوک اور استری کو تو اسی مین جس اور دھرم ہے جو سوامی کے نمت
پران دے ایسے کہہ سری کرشن بلدیو کے مارنے پر بیڑا اوٹھا کنس کو پرنام کر بیوماسُر بندابن کو چلا
وہان پہونچا جہان ہر گوال بالونکے ساتھ آنکھ مچولا کھیل رہے تھے جاتے ہی دور سے جب اوسنے ہاتھ
جوڑ سری کرشن چند سے کہا کہ مہاراج مجھے بھی اپنے ساتھ کھلاؤ تب ہر نے اوسے اپنے پاس بلا کہا کہ اپنی جی
مین کچھ بات کی ہونس مت رکھ جو تیرا من مانے سو کھیل ہمارے سنگ کھیلو یہ سُن وہ پرسن ہو بولا کہ [illegible]
لاؤ بھیڑی کا کھیل بھلا ہے سری کرشن چند نے مسکرا کر کہا کہ بہت اچھا تو تین بھیڑیا ہو اور گوال بال بھیڑی
بنے یہ بچن سنتے ہی بیوماسُر تو بھیڑیا ہوا اور گوال بال سب بن بن بھیڑی بن مل کر کھیلنے لگے ۔

تب [illegible] وہ اسُر ایک ایک کو اوٹھا لیجاے اور پربت کی گپھا مین رکھ اوسکے او پر سیلا دھر موند کے چلا آوے
[illegible] لیجانے کو آیا اور اکیلے سری کرشن چند رہے تب للکار کر بولا کہ آج کنس کا کاج سنوارون
اور سب [illegible] کو مارونگا یون کہہ گوال کا بھیکھ چھوڑ سچ مچ بھیڑیا بن جیون ہر پر جھپٹا تیون
ہی انھون نے اوسکو پکڑ گلا گھونٹ مارتے [illegible] کے جیسے [illegible]
[illegible]

ادہیاے اوتالیسوان اکرور کے برندابن جانے کے برنن مین

شکدیوجی بولے کہ مہاراج کا تک بدی دواوسی کو نوکیشی اور بہوماسر مارا گیا اور تیرس کی رات کو بھور کے تڑکے ہی اکرور کنس کے پاس آے مدا ہو رتھ پر چڑھ اپنے من مین یون بچار تا برندابن کو چلا کہ ایسا مین نے کیا جپ تپ جگ دان تیرتھ برت کیا ہی کہ جسکے پُن سے یہ پہل پاؤنگا اپنی جان مین تو اس جنم بھر کبہی ہر کا نام نہین لیا سدا کنس کی سنگت مین رہا ہان اگلے جنم کوئی بڑا پن کیا ہوا ویں دہرم کے پرتاپ کا یہ پہل ہوتا ہو جو کنس نے مجہے سری کرشن چندر آنند کند کے لینے کو بہیجا ہی اب جاے اونکا درشن پاے جنم سپہل کرونگا چوپائی ہاتہ جوڑ کے پاین پرہون ٭ بہن پگ مین سیس پر دہرہون ٭ پاپ ہرن جے تن پگ آہ ٭ سیون سری برجمار اللہ جے پگ کالی کو سر بچن جو پگ ہو چیدن سون ہہری ٭ ناچ راس منڈلی آئی دہیہ لگ وے گائین پاچہے ٭ جاپگ رین اہلیا تری ٭ جاپگ تین گنگا میسری ٭ بل چہل کیو اندر کو کاج ٭ تے پگ مین دیکہون گو آج ٭ موکو سگن ہوت ہین بہلے ٭ مرگ کے جہنڈ داہنے چلے ٭ مہاراج ایسے بچار پہر اکرور اپنے من مین کہنے لگا کہین وے مجہے کنس کا دوت تو نہ سمجہین پہر آپ ہی سوچا کہ جنکا نام انترجامی ہے وے تو من کی پریت مانتے ہین اور شتر متر کو پہچانتے ہین ایسا کبہی نہ سمجہین گے مجہے دیکہتے ہی گلے لگا دیا کر اپنا کومل کر میرے سیس پر دہرینگے تب مین اوس چندر بدن کی سوبہا ایک ٹک نرکہہ اپنے نین چکورون کو سکہ دونگا کہ جسکا دہیان برہما رودر اندر سب دیوتا کرتے ہین —

اتنی کتہا سناے سری شکدیوجی نے راجہ پریکہیت سے کہا کہ مہاراج اسی بہانت سوچ بچار کرتے رتہہ ہانکے ادہر سے تو اکرور جی گئے اور ادہر سے گاے چراے گوال بالون سمیت کرشن بلدیو بہی آے تو اونسے برندابن کے باہر ہی بھینٹ بہئی ہر کی چہب دور سے دیکہتے ہی اکرور رتہہ سے اوتر آئے اور اونکے پاون پر جا گرا اور ایسا مگن ہوا کہ منہہ سے بول نہ آیا مہا پریم مین آے پریم کے آنسو بہانے لگا تب سری کرشن جی اوسے اوٹہاے اتی پیار سے مل ہاتہ پکڑ گہر لیوا لے گئے وہان نند راے اکرور جی کو دیکہتے ہی پرسن ہوا اور شکر سے ملا بہت سا آدر مان کیا پاؤن دہلواے آسن دیا چوپائی لے تیل مردنا آپ ہی کیا وے بیٹہ گئے پہر اشنان کرواکے ٭ چوکا دیا جیسوڈا [illegible] بسون کو ہٹ پرس بہوجن کیو جب آچے جہا پان کہاے کے بیٹہے تب نند جی اونکی کسل چہیم پوچہنے لگے کہ تم [illegible] [illegible] سہاے ہو سدا اپنی شرائی سے رہے ہو کہ کنس دشٹ کے پاس کیسے رہتے ہو اور وہان کے لوگون کی کیا [illegible]

بھید کہو اکرورجی بولے چوپائی جب تک کنس مدھ پوری بسیو ۰ تب تک سب ہی کو دکھ دیو ۰ پوچھو کہا نگر کشلات ۰ پوچھا دکھی رہت
دن رات ۰ جب لگ ہے متھرا مین کنس ۰ تب لگ چین کہاں جدوبنس ۰ دو پاپش ہیری جیہہ بین کو جیون کٹھن کنس سے ہوے
تیوں پرجا کو کنس ہی دکھ دیا وے سب کوے ۰ اتنا کہہ پھر بولے کہ تم کنس کا بیورا جانتے ہو ہم ادھک کیا کہین گے

اُدھیائے چالیسواں اکرورجی کو جمنا جی مین درشن ہونے کے برنن مین

شکدیو جی بولے کہ پرتھی ناتھ جب نند جی باتین کر چلے تب اکرور کو کرشن بلرام سین سے بلائے الگ لے گئے
چوپائی آدر کر پوچھے کشلات ۰ کہو کہا متھرا کی بات ۰ ہین بسدیو دیوکی نیکے ۰ راجہ پر پوتن ہی کی ۰ تات
پاپی ہے ماما کنس ۰ جن کھویو سگرو جدوبنس ۰ کوئی جدوکل کا مہا روگ جنم لے آیا ہے تسی نے سب جدونبسیون کو ستایا ہے اور
سچ پوچھو تو بسدیو دیوکی ہمارے لیے اتنا دکھ پاتے ہین جو ہمین نہ چھپاتی تو اتنا دکھ نہ پاتے یون کہہ کرشن پھر بولے
چوپائی تم سون کہا چلت اون کہیو ۰ جنکو سدا اسی مین رہیو ۰ کرت ہونگی سرت ہماری ۰ شنکٹ مین
باوت دکھ بھاری ۰ یہ سن اکرور بولے کہ کرپا ناتھ تم سب جانتے ہو کیا کہونگا اوکی انیت اوسکی کسی سے نہیں ہے بیرت
بسدیو اور اوگرسین کو مانیگا مت سچا کیا کرتا ہے یہ وہی آج تک اپنی پرالبدھ سے بچے ہین اور جب سے نارد منی نے
آیکر بھیدکا سب سماچار بوجھائے کے کہہ گئے ہین تب سے بسدیو جی کو بیڑی ہتکڑی دے مہا دکھ مین رکھا ہے
اور کل اوسکے یہان مہادیو کا جگ ہے اور دھنش دھرا ہے سب کوئی دیکھنے کو آویگا سو تمہین بلانیکو مجھے بھیجا ہے
یہ کہکر کہا کہ تم چاہی رام کرشن بہت نندرائے کو جگ کی بھینٹ سدھا لیا ہے لاؤ سو مین تمہین لینے کو آیا ہون
اتنی بات اکرور سے سن رام کرشن نے آے نند رائے سے کہا چوپائی کنس جگ لایا ہین سن تات ۰ کہی اکرور کتھا یہ بات
گورس سبھے چھیری لیو ۰ دھنکھ جگ ہے تاکو دیو ۰ سب مل چلیو ساتھ ہی ہے ۰ راجہ بولت رہت نہ ہے ۰ جب ایسے سمجھا
بوجھائی کر سری کرشن چندر نے کہا تب نند رائے جی نے اوسی سے ڈھنڈورئے کو بلا ساری نگر مین یون کہہ

عازم ہونا نندجی کا متھرا کو مع سری کرشن کے ساتھ



وہ ٹھیٹی پھیر دلیے وہی کہ کل سویرے ہی سب مل متھرا کو جائینگے راجہ نے بلایا ہے اس بات کے سنتے ہی بھور ہوتے ہی ہیٹ لدی
سکل برجباسی آن پہونچے اور نند جی بھی دودھ دہی ماکھن مٹھے بکرے بھینس لے گاڑیاں جتواے اونکے ساتھ ہولیے
اور کرشن بلدیو بھی اپنے گوال بال سکھاؤں کو ساتھ لے رتھ پر چڑھے چوپائی آگے کنٹے نند اوپ نند تھے
پاچھے بلدہر گوبند * سری شکدیو جی بولے کہ پرتھی ناتھ ایکاایکی سری کرشن کا چلنا سن سب برج کی گوپیاں
ات گھبراے بیاکل ہو گھر چھوڑ ہڑبڑاے اوٹھ دھائیں اور بکتی جھاتی گرتی پڑتی وہاں آئیں جہاں سری کرشن
کا رتھ تھا آتے ہی رتھ کے چاروا اور گھیری ہو ہاتھ جوڑ بنتی کر کہنے لگیں کہ ہمیں کس لیے چھوڑتے ہو برجناتھ سرس
دیو ہر تمھارے ہاتھ سار دہ کی تو پریت کبھی گھٹتی نہیں ہاتھ کی ریکھا کبھی مٹتی نہیں اور مورکھ کی پریت ٹھہرتی
نہیں جیسی بالو کی بھیت تمھارا کیا اپرادھ کیا ہے جو ہمیں پیٹھ دیے جاتے ہو یوں سری کرشن چندر کو سنا
پھر گوپیاں اکرور کی اور دیکھ بولیں چوپائی یہ اکرور کرور ہے بھاری * جانے کچھو نہ پیر ہماری * جا بن
چھن سب ہوت اناتھا * تہ تر چلیو اپنے ساتھا * کپٹی کرور کٹھن من بہیو * برتھ اکرور نام کن دیو * ہے
اکرور کٹل ست ہین * کیوں داہت ابلا آدھین * ایسی کڑی باتیں سنا سوچ سنکوچ چھوڑ ہر کا رتھ
پکڑ آپس میں کہنے لگیں کہ متھرا کی ناریاں ات چنچل چتر روپ گن بھری ہیں اونسے پریت کر گن اور رس کے بس ہو
وہاں ہی رہینگے ہماری پھر کاہیکو کرینگے سرت ہماری اونہیں کے بڑے بھاگ ہیں جو پریتم سنگ رہینگی ہماری
جپ تپ کرنیں میں کیا ایسی چوک پڑی تھی جس سے سری کرشن چند بچھڑتے ہیں یوں آپس میں کہہ پھر ہر سوں
کہنے لگیں کہ تمھارا تو نام ہے گوپی ناتھ کسلیے نہیں لے چلتے ہو اپنے ساتھ چوپائی تم بن چھن پل کیسے کٹہو *
پلک اوٹ بھیئے چھاتی پھٹہو * پریت لگاے کیوں کرت بچھوہ * نٹھر نردئی دھرت نہ موہ * ایسی بھانت کہیں سندری
سوچ دکھ سمد میں پڑی * وہ دیکھ رہیں اک ٹک ہار او تھکیں مرگی سوں چند رچکور وہیں نہیں آنسو ٹوٹے
رہیں بکھر لٹ منہ پہ چھوٹ * سری شکدیو مُن بولے کہ مہاراج اوس سمے گوپیوں کی تو یہ دسا تھی جو میں نے کہی اور
جسودا رانی مامتا کر سری کرشن کو کنٹھ لگاے سوات پیار سے کہتی تھیں کہ بیٹا جے دن تم وہاں سے پھر آوتے دن کے
لیے کلیو لے جاؤ وہاں جاے کسی سے پریت مت کیجیو بیگ آے اپنی جننی کو درشن دیجیو اتنی بات سن
سری کرشن رتھ سے اوتر سب کو سمجھاے بوجھاے اسے بدا ہو ڈنڈوت کر اسیس لے پھر رتھ پر چڑھ
چلے تس کال ادھر سے جسودا جی یوں سے تے جسودا جی اگلا رور وکرشن کرشن کر پکارتی تھیں اور ادھر
سے سری کرشن رتھ پر کھڑے پکار پکار کہتے جاتے تھے کہ تم گھر جاؤ کسی بات کی چنتا مت کرو ہم پانچ چار ہی

دل مین پھیر کر آتے ہیں ایسے کہتے کہتے اور دیکھتے دیکھتے جب رتھ دور نکل گیا اور دھول اکاس تک چھائی تس پر رتھ کی دھوجا بھی نہ دکھائی دی تب نراس ہوا ایک بیر تو سبکی سب بن تیر کی مچھلی سے تڑپھڑانے مورچھا کھا کے گرین پیچھے کتنی ایک بیر مین چیت کر اوٹھین اور روتے کی آس من مین دھر دھیرج کر او دھر جیو داجی تو سب گوپیونکو لے برنداین کو گئین اور ادھر سری کرشن چندر سب گوالبال سمیت چلے چلتے جمنا تیر پر آئے تہان گوال بالون نے جل پیا اور ہر نے بھی ایک سگھن چھانہہ مین رتھ ٹھہرا دیا جب اکرور جی نہانے کا بچار کر رتھ سے اوترے تب سری کرشن نے نند رائے سے کہا کہ آپ سب گوال بالونکو ساتھ لے آگے چلیے چچا اکرور اشنان کر لین تو پیچھے سے ہم بھی آملتے ہین یہ سن سب کوئی نند جی آگے بڑھے اور اکرور جی کپڑے اوتار ہاتھ پاؤن دھو کر آچمن کر تیر پر جا نیر مین پیٹھ ڈبکی لے پوجا تر پن دھیان جاپ کر پھر ڈبکی مار آنکھ کھول جل مین دیکھین تو وہان رتھ سمیت سری کرشن چند آ کے چوپائی ٹین اون دیکھو سیس ٹھہرا ئے نہ تہان بیٹھے ہین جدرائے ٭ کرے اچنبھو ہیے بچار ٭ وہی رتھ اوپر دو و کمار ٭ پیچھے دو و بڑکی چھانہہ ٭ تن ہی کو دیکھون جل مانہہ ٭ باہر بھیتر بھید نہ لہون ٭ سانچو روپ کون کو کہون مہاراج اکرور جی تو ایک ہی مورت باہر بھیتر دیکھ دیکھ سوچتے ہی تھے کہ اتنے مین پہلے تو سری کرشن جی نے چتربھوج ہو سنکھ چکر گدا پدم دھارن کر مکٹ کنڈل گند ہرپ آدک سب بھگتون سمیت جل مین درشن دیا اور پیچھے سیش سائی ہو تو اکرور دیکھ اور بھی بھول رہا ٭

ادھیاے اکتالیسواں اکرور کی استت کرنیکے برن مین

سری شکدیو جی بولے کہ مہاراج پانی مین کھڑے اکرور کو کتنی ایک بیر مین پربھو کا دھیان کرنے سے گیان ہوا تو ہاتھ جوڑ سر نام کر کہنے لگا کہ کرتا ہرتا تمہین ہو بھگونت بھگتونکے ہیت آے سنسار مین دھرتے ہو بھیکھ اننت اور سر نر مین تمہارے انس ہین تم ہی سے پر گٹ ہو تم ہی میں ایسے سماتے ہین کہ جیسے جل ساگر سے نکل ساگر مین سما تا ہی تمہاری مہما ہے اوپ کون کہہ سکے سدا ان رہتے ہو پرات سروپ سر سر گنگ ترتھی پاتال سمدر پیٹھ باندھ اکاس بادل کیس برچھ روم اگن مکھ دسو دسا کان نین چندر آدیہان اندر بھوجا بدہ بھگوان کار سو ور گرجن بچن پران پون جل پیرج پاس لگانا رات دن اس روپ سے سدا ان راجتے تمہین کون پہچان سکے اس بھانت استت کر اکرور نے پربھو کے چرن کا دھیان جو کیا کرپا تو مجھے اپنی سرن مین رکھو

ادھیاے بیالیسواں متھرا مین سری کرشن کے گون کے برنن مین

سری شکدیو جی بولے کہ مہاراج جب سری کرشن چندر نے نٹ نایک کی بھانت جل مین ... تب ...

دکھائی دیے تب اکرور جی نے نیر سے نکل تیر پر آ ہر کو پرنام کیا تس کال نند لال نے اکرور سے پوچھا کہ کاسیت سمے
جل کے بیچ اتنی بیر کیوں لگی تھی ات چنتا تھی تمھاری کہ چچا نے کس لیے بات چلنے کی سدھ بسا دی کیا کچھ اچرج
تو جا کر نہیں دیکھا یہ سمجھا کے کہو جو ہمارے من کی دبدھا جائے چوپائی سن اکرور جوڑے تب ہاتھ ٭
تم سب جانت ہو برج ناتھ ٭ بھلو درس دینو جل ماہیں ٭ کرشن چرت کو اچرج ناہیں ٭ سو وہ بھرو سا ہیو
تمھارو جب یک ناتھ تمہرا انگ دھارو دو اب یہاں بلنب نہ کیجے سیگھر چل کارج کیجے اتنی بات کے سنتے ہی
ہری جب رتھ پر بیٹھ اکرور کو ساتھ لے چل کھڑے ہوئے اور نند آدی جو سب گوال بال آگے گئے تھے اونھوں نے
جا متھرا کے باہر ڈیرے کیے اور کرشن بلدیو کی بات دیکھ دیکھ ات چنتا کر آپس میں کہنے لگے کہ اتنی بیر نہاتے کیوں
لگی او کس لیے اب تک نہیں آئے سکا اتنے میں آنند کند سری کرشن چند آ ملے اون سے ہاتھ جوڑ بنتی کر اکرور بولے کہ
برج راج اب چل کے سیر گھر پوتر کیجیے اور اپنے بھگتوں کو درشن دے سکھ دیجیے اتنی بات سنتے ہی ہری نے اکرور سے
کہا چوپائی پہلے سو وہ کنس کو دیو تب دیکھوں وا اپنو گیہو ٭ سب کی بنتی کریو آے ٭ سن اکرور چلے سر ناے ٭
چلے چلے کچھ دیر میں وہاں پہنچے جہاں کنس سبھا کیے بیٹھا تھا انکو دیکھتے ہی سنگھاسن سے اوتر نیچے آیا ات ہت سے
ملا اور پہنچے آدر مان سے ہاتھ پکڑ لیجا اپنے سنگھاسن پر بٹھا کے کشل چھیم پوچھ بولا کہ جہاں گئے تھے وہاں کی
بات کہو چوپائی سن اکرور کہی سمجھائی ٭ برج کی مہما کہی نہ جائی ٭ کہا تنک کی کروں بڑائی ٭ بات تمھاری
سیس چڑھائی ٭ رام کرشن دوؤ ہیں آئے ٭ بھٹ سبھی بہوبلی لائے ٭ ڈیرا کیے ندی کے تیر ٭ اوتری [illegible]
بھاری بھیر [illegible] کنس یہ سن بہو بولا کہ آج [illegible] کیا جو رام کرشن کو لا [illegible]
اتنی [illegible] کہی پھر کنس کا [illegible] پاے اکرور جی [illegible] گھر گئے اور [illegible]
کر [illegible] اپنے [illegible] نے پوچھا کہ آپ کی [illegible] تو نگر دیکھیے
[illegible] سے جی تب پہلے تو کھانا کو کچھ مٹھائی نکال دی اور دونوں بھائیوں نے مل کر کھا [illegible] بولے کہ
اچھا بابا دیکھ آویں پر بلنب مت کیجیو
اتنا بھی نند کے گھر سے نکلتے ہی آنند کند دونوں بھائی اپنے [illegible] کو ساتھ لے نگر دیکھنے چلے آگے
شہر دیکھیں تو نگر کے باہر چاروں اور [illegible] تن [illegible] ایک بھانت کی
[illegible]
[illegible]

اور ہری ہری ماٹیوں کی باڑوں پر نیواڑیاں لگی ہوئین بیچ بیچ رنگ رنگ کے پھولوں کی کیاریان کون
تک پھولی ہوئین بھور بھورا ندارون باولیون پر پہڑے جل ہے مالی میٹھے سرون سے گا گا کر جل سیچ رہے ہین
یہ سوبھا بن اوپبن کی نرکھہ ہرکھہ پربھو سب گوالون سمیت متھراپوری مین پیٹھے دیکھا کہ اوس پوری مین چارون
اور تانبے کا کوٹ اور پکی کھائیان چوری لکھائین اسپھٹک کے چار پھاٹک تن مین اشٹ دھاتی کیواڑ کنچن جڑے ہاین
طرح طرح کے لال پیلے ہرے دہری پیچ کھنے ست کھنے مندر ایسے اونچے کہ آکاس سے باتین کر رہے جنکے سونیکے کلس
کی جوت بجلی سی چمک رہی دھوجا پتاکا پھہرا رہے رہین جالی جھروکھون موکھون سے دھوپ کی سگندھ آ رہی
دوار دوار پر کیلے کے کھنبھہ اور سونیکے کلس بھرے ہوے بندنوار بندھی ہوی گھر گھر باجن باج رہے اور
ایک اور بھانت بھانت کے من چرت کنچن کے مندر راجہ کے نیارے ہی جگمگا رہے جنکی سوبھا کچھہ برنی نہین
جاتی ایسی سندر سہاونی متھراپوری کو سری کرشن بلدیو گوال بالون کو ساتھہ لیے دیکھنے چلے ❊ دوہا ❊ پری
دھوم متھرا نگر آوت نند کمار ❊ سن دھاے پور لوگ سب گرہ کو کاج بسار ❊ چوپائی ❊ اور جو متھرا کی سندری
سنت کان کرے اتر کھری ❊ کہین پر سنگرہن او جاری ❊ آوت ہین بلبھدر مراری ❊ تن اکروگے ہین اپنی
چاسکھی دیکھی اب ہین ❊ کو دکھات نہات ترنبھے ❊ گہت سیس کو واوشہہ تجے ❊ کام کیل دیہ کی اسپر سے ❊
اور رہے بھوکھن ہین تیا دے ❊ جیسے ہی تیسے اوٹھہ دھائین ❊ کرشن درس دیکھن کو آئین ❊ سو کتھا
لاج کال ڈر دار کو وکھر گن کو واٹ ❊ کو وکھری دوار کو و دوڑ گلین بھیرت ❊ چوپائی ❊ ایسے جان
تہان ٹھاڑہی نار ❊ سو پھوہ تیا وین باتھہ پسار ❊ نیل اہن گورے بلرام ❊ پیتا مبر اوڑھے گھنشیام ❊
یے بھاے کنس کے دوا گو ❊ ان تے اسر بچو نہین کو ❊ سنت تمہین پرکھا رتھہ جاکو ❊ دیکھو روپ
سین بھر تکو ❊ پورب جنم تپ کچھہ کینھو ❊ سو بدہ پد درشن پھل دینھو ❊ اتنی کتھا کہہ شکدیو جی بولے کہ مہاراج
اسی ریت سے سب پوربا سی کیا استری کیا پرکھہ اٹیاں انیک پرکار کی باتین کہہ کہہ درشن کرتے ہوتے
تھے اور جس ہاٹ باٹ چوہٹے مین کرشن بلرام سب گوالون سمیت نکلتے تھے تہین اپنے اپنے کوٹھون پر
[illegible] چھتون پر [illegible] آنند سے وے پھول برساتے تھے اور [illegible] سوبھا دیکھہ دیکھہ
گوال بالون سے یون کہتے جاتے تھے کہ بھیا کوی بھی [illegible] تو چلے ہیرے پر
جا سو اس مین کچھہ دوڑ جاتے [illegible] لادے [illegible]
[illegible]

بلدیو جی سے کہا کہ بھیّا اکی سب چیز نہیں لیجیے اور آپ پہر گوال بالون کو پہر کے پہین سو لگائے دیجیے بھائی کو یون سنا ے سب مل دہوبیونکے پاس جاے بولے ۔

چوپائی ہمکو ودبل کپڑا دیہو ٭ راجہ مل تو ین پہر لیہو ٭ جو پہراون نرپ سون بہین ٭ تا مین تین کچھہ تمکو دیہین ٭ اتنی بات کے سنتے ہی اونمین سے جو بڑا دہوبی تہا سو ہنسکر کہنے لگا سو رتہا رکہین گہر جی نباے ہوے آو نرپ دواروں ٭ تب لیجو بٹ آے جو بیا ہو سو دیہو ٭ چوپائی بن بن پہیرت چراوت گیا ٭ جات اہیر کامری اوڑہیا ٭ نٹ کو بھیک نباے آئے ٭ نرپ انبر پہرن من لائے ٭ جڑکے چلے نرپت کے پاس ٭ پہراون لیبکی آس ٭ نیک آس جیون کی جو ٭ مکہو ون چہو و ہوین سو ٭ یہ بات دہوبی کی سنکر ہری پہر ہنسکر اونسے کہا کہ ہم تو سودہی چال سے مانگتے ہین تم اولٹی کیوں سمجہتے ہو کپڑے دینے سے تمہارا کچھہ نہ بگڑیگا پر نت جس لابھہ ہوگا یہ بچن سن دہوبی جہنجہلا کر بولا کہ راجہ کے کپڑے پہرنیکا مکہہ تو دیکہہ میرے آگے سے جا نہین تو ابہین مار ڈالتا ہون اتنی باتکے سنتے ہی کرودھہ کر سری کرشن چندر نے ترچہا کر ایک ہاتھہ مارکر اوسکا سر بہا سا اوڑ گیا تب جتنے اوسکے ساتہی اور ٹہلوے تہے سبکے سب پوٹے سوٹے لادیاں چہوڑ اپنا اپنا جی لے بہاگے اور کنس کے پاس جا پکارے کہ یہاں کرشن نے سب کپڑے لے لیے اور آپ پہن بہائی کو پہنا ے اور گوال بالون کو بانٹ دیجے سو لٹاے دلیے قس سمے گوال بال آت پرسن ہو ہو لگے اولٹے پلٹے بستر پہنے ۔ دوہا کٹ کس پگ بہرے جہکا سو جن میلے باتہہ ٭ بس بہید جانت نہین ہنسی کرشن من ماتہہ ٭ جو وہاں سے آگے بڑہے تو ایک سوچی نے آے ڈنڈوت کر کہڑے ہو کر جو ہاتہہ جوڑ کہا مہاراج میں کہنے کو تو کنس کا سیوک کہلاتا ہون پر من سے سدا آپ ہی کا گن گاتا ہون آگیا ہوے تو مین کپڑے پہناون جس سے تمہارا داس کہاون ۔ اتنی بات اوسکے مکہہ سے نکلتے ہی سری کرشن انترجامی نے اوسے اپنا بھگت جان نکٹ بلاکے کہا کہ تو بھلے سمے آیا اچہا پہرا دے تب تو اوسنے جہٹ پٹ کہول او دہرکر چہانٹ سے کر ٹہیک ٹہاک بنا بنا بہلے بہلے رام کرشن سمیت سبکو کپڑے پہرا دیے اوس کال نندلال اوسے بہگت دے ساتہہ لیکر چلے ۔

چوپائی تہان سدامان مالی آیو ٭ آدر کر گہر اپنے لایو ٭ سب ہی کو مالا پہرائی ٭ مالی کے گہر بہی بدہائی

ادھیاے بینتالیسواں کنس کے پہلوان آ پہنچے ہیرنی

سری شکدیو جی بولے کہ جی ہاتہہ مالی کے گہر ...... سری کرشن چندر اوسے ...... چار پہر ...... وہان سے آگے جاے دیکہین ...... گوری ...... بتہان ...... بہائی ...

دھرے ہاتھہ مین لیے کٹھری ہے اوس سے ہر نے پوچھا کہ تو کون ہے اور یہ کہان لے چلی ہے وہ بولی کہ دینڈیال
مین کنس کی داسی ہون میرا نام کبجا ہے کو بجانت چندن گھس کنس کے لگاتی ہون اور مین سے تمھارا گن گاتی ہون
تسی کے پرتاپ سے آج آپکا درشن پایے جنم سارتھک کیا اور نینون کا پھل لیا اب داسی کا منورتھ یہ ہے
کہ پربھو کی آگیا پاؤن تو چندن اپنے ہاتھون چڑھاؤن ۔
اوسکی اتی بھگت دیکھہ ہر نے کہا کہ جو اسی مین تیری پریت ہے تو لگا تو اتنا کہن سنتے ہی کبجا نے بڑے
راؤ چاؤ سے جیت لگائے جب رام کرشن کے چندن لگا یا تب سری کرشن چندر نے اوسکے من کی لاگ
دیکھہ دیا کر پانون پر پانون دھر دو انگلی ٹھوڑی کے تلے لگا کے اوسے سیدھا کیا ہر کا ہاتھ لگتے ہی وہ
مہا سندر ہوئی اور بہت بنتی کر پربھو سے کہنے لگی کہ کرپا ناتھ جیون آپ نے دیا کر اس داسی کی دیہ سودھی کی تیو
ہی دیا کر اب چل کے گھر بھی پوتر کیجیے اور بسرام لے داسی کو سکھہ دیجیے یہ سن ہر اوسکا ہاتھ پکڑ مسکرا کے
کہنے لگے چوپائی تیں سرم دور ہمارو کیو ۔ ملکے ستیل چندن دیو ۔ روپ شیل گن ست رنگیکی ۔ تو سون
پریت نرانتر جیکی ۔ آئے ملونگو کنسے مار ۔ یون کہا گے چلے مرار ۔ اور کبجا اپنے گھر جاکے کیسر چیپل دے چوک
پورا ہر کے ملنے کی آس اپنے من مین لا کے منگلاچار کرنے لگی ۔
چوپائی آئین تہان متھرا کی نار ۔ کرین اچنبھو کہین نہار ۔ دھن دھن کبجا تیرے بھاگ ۔ جا کو بدیا
دیو سہاگ ۔ ایسا کہا کٹھن تپ کیو ۔ گوپی ناتھ ہیت سون لیو ۔ ہم نیکے دیکھے نہین ہری ۔ تو کو دے پریت
اتی کری ۔ ایسے تہان کہین سب ناری ۔ متھرا دیکھت پھیرین مراری ۔ نگر دیکھتے دیکھتے پربھو سب
گوال بال سمیت جو پوچھتے پوچھتے [illegible] اپنے رنگ راتے ماتے جاتے دیکھتے ہی پوسے پالے کے بولے کا یہ کہان
چلے آتے ہو گنوار دو گھڑی نے رہو یہی راج دوار دوارپالون کی بات سنی ان سنی کر ہر سب سمیت وہان
دڑا نے چلے گئے جہان تین تاڑ لمبا موٹا اتی بھاری مہادیو کا دھنکھ دھرا تھا جاتے ہی جھٹ اوٹھا چڑھا
سہج سو بچا دکھیچ یون توڑ ڈالا کہ جیون ہاتھی گنا کا توڑتا ہے ۔ آٹھون سب رکھوالے کنس کے بیٹھائے
دھنکھ [illegible] کی رچھا کرتے تھے سو چڑھ آئے پر بھو نے اونھین بھی مار گرایا اسپر سے پوری پاٹھی آئی یہ چرتر دیکھہ
بچار کر [illegible] اونھین کہنے لگے نرائن دیکھو اب نے گھر جا اپنی مرت آپ بلائی ان دونون بھائیون سے
ہاتھ سے اب جیتا نہ بچیگا اور دھنکھ ٹوٹنے کا اتی شبد سن کنس ہو کہا اپنے لوگون سے پوچھنے لگا کہ
[illegible]

کو مہاراج کی دوہائی ہے رام کرشن نے آئی نگری مین بڑی دھوم مچائی شیو کا دھنکھ توڑ سب رکھوارونکو مار ڈالا
اتنی بات سنتے ہی کنس نے بہت سے جودھاؤنکو بلا کے کہا کہ انکے ساتھ جاؤ اور کرشن بلدیو کو چھل بل کر ابھی
مار آؤ اتنا بچن کنس کے مکھ سے نکلتے ہی وے اپنے استر شستر لے وہان گئے جہان وے دونون بھائی کھڑے
تھے اونھون نے اونھین جیون للکارا تیون اونھون نے اون سبکو بھی مار ڈالا جب ہر نے دیکھا کہ یہان
کنس کا سیوک کوئی نہ رہا تب بلرام جی سے کہا کہ بھائی ہمین آئے بڑی بیر ہوئی ڈیرے پر چلا چاہیے کیونکہ بابا
نند ہماری باٹ دیکھتے ہونگے یون کہہ گوال بالون سمیت بلرام کو ساتھ لے پربھو وہان آئے جہان ڈیرے
پڑے تھے آتے ہی پتا سے کہا کہ پتا ہم نگر مین جائے بھلا تماشا دیکھ آئے اور گوپ گوالون کو اپنے باگے دکھلائے
چوپائی تہان لکھ نند کہین سمجھائے ۞ کانہ تمھاری ٹیو نہ جائے ۞ برج بن نہین ہمارو گانون ۞ یہ ہے
کنس رائے کو ٹھائون ۞ یہ جن کچھو اوپدرو کرو ۞ سیر سیکھ پوت من دھرو ۞ جب نند رائے جی ایسے سمجھا ہی
چلے تب نندلال جی بڑے لاڈ سے بولے کہ پتا مجھکو بھوکھ لگی ہے جو ہماری ماتا نے کھانیکو ساتھ کر دیا ہے سو دیجیے
اتنی بات سنتے ہی اونھون نے جو پدارتھ کھانیکو آیا تھا سو نکال دیا کرشن بلدیو نے گوال بالون کے ساتھ کھا لیا
اتنی کتھا کہہ شکدیو منی بولے کہ مہاراج ادھر تو یے آئے پرمانند سے بیالو کر سوئے اور ادھر کرشن کی باتین
سن سن کنس کے من مین ات چنتا ہوئی نہ بیٹھے چین تھا نہ کھڑے من ہی من کڑھتا تھا اپنی پر کسی سے نہ کہتا
تھا کہا ہے دو بالا جیون کاٹے گھن کھات ہے کرو نہانے پیر ۞ تیون چنتا من مین بھئی بڑھ جل گھٹت سریر ۞
نداں ات گھبرائے تب مندر مین جائے سیج پر سو رہا پر اوسے مارے ڈر کے نیند نہ آئی چوپائی نین بھیر
